★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 30 شوال 1446ھ، 29 اپریل 2025ء 16 بیسا کھ 2082 بی پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 179

سیکیورٹی فورسز کا پاک افغان سرحد پر میا فالوا آپریشن، 17 خارجی ہلاک

3 روز میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں مارے گئے خارجیوں کی تعداد 71 ہوگئی، ہتھیار، گولیاں اور دھماکا خیز مواد برآمد، گزشتہ روز پاک افغان سرحد پر کارروائی میں 54 خارجی مارے گئے تھے

سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کی ہر کوشش کو ناکام بنانے کیلئے پرعزم ہیں، سیکیورٹی فورسز ملکی امن واستحکام و ترقی کو سبوتاژ نہیں ہونے دیں گے: پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کا جاری بیان



چکوال، میجر مدثر پرن سینٹر اکیڈمی پورٹ پروگرام اسپیئر ویونہ خالدی آئی پی ایس پی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر تعلیمی افسر ملٹی کلچر کا دورہ کر رہی ہیں

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے پاک۔افغان سرحد پر کامیاب فالوآپ آپریشن میں 17 خارجی دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، گزشتہ 3 روز میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں مارے گئے خارجیوں کی تعداد 71 ہوگئی۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے پاک افغان سرحد پر فالوآپ آپریشن میں 17 خارجی دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک خوارج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ لیمی کے ساتھ بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے برطانیہ کے وزیر خارجہ، رائٹ آنریبل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

بھارتی اقدام پر عالمی عدالت انصاف روانگی منسوخ کردی، اٹارنی جنرل

سویلینز کے ٹرائل کے فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل پر ساعت 5 مئی تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے اٹارنی جنرل کی استدعا پر فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل پر ساعت 5 مئی تک ملتوی کر دی جبکہ اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ پہلے سنے گئے کیسز کا معاملہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

اپیل پر ساعت 5 مئی تک ملتوی کر دی جبکہ اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ پہلے سنے گئے کیسز کا معاملہ زیر بحث رہا اب بھارتی

سول نظام ناکام ہو چکا سب کیسز فوجی عدالت بھیج دیں، جسٹس جمال خان مندوخیل

سپریم کورٹ کے آئینی بینچ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل پر ساعت جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی بینچ نے کی

پارلیمنٹ نے جو کرنا ہے کرے وہ ان کا پالیسی کا معاملہ ہے، ہم نے صرف اس کیس کی حد تک معاملے کو دیکھنا ہے، جسٹس جمال خان مندوخیل

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل پر ساعت جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی بینچ نے کی۔ دوران ساعت اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان دلائل دیتے ہوئے کہا کہ میں نے 3 نکات پر دلائل دینے ہیں، 9 مئی کے واقعات پر وزارت دفاع کے وکیل خواجہ حارث بھی دلائل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

افراط تا زر کم ترین سطح پر چکا ہے، زرمبادلہ کے ذخائر میں نمایاں اضافہ ہوا، وزیر خزانہ

زرمبادلہ کے ذخائر میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، قومی کرنسی میں استحکام آیا ہے اور دہائیوں کے بعد مالی سرپلس حاصل ہوا ہے، ہارورڈ یونیورسٹی میں پاکستان کانفرنس سے خطاب

پاکستان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، سفارت کاری کو اجتماعی کوششوں کے ذریعے مشترکہ چیلنجوں سے نمٹنے کا موقع دیا جانا چاہیے، پاکستانی سفیر رضوان سعید

واشنگٹن (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ افراط زر تاریخی کم ترین سطح 0.7 فیصد پر آچکا ہے، زرمبادلہ کے ذخائر میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، قومی کرنسی میں استحکام آیا ہے اور دہائیوں کے بعد مالی سرپلس حاصل ہوا ہے۔ امریکہ کی معروف ہارورڈ یونیورسٹی، کیمبرج، میساچوسٹس میں پاکستان کانفرنس کا انعقاد ہوا۔ اعلیٰ سطحی کانفرنس میں پالیسی ساز، ماہرین تعلیم، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد: ایچ ای سی کی چیئرمین ڈائریکٹر سائنسز فورین وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہی ہیں

میڈیا ورکرز کو انکا حق دلانا اور انکی آواز بننا میں اپنا مشن سمجھتی ہوں: عظمیٰ بخاری

مریم نواز کی حکومت نے ایک سال میں صحافیوں کیلئے تاریخی اقدامات اٹھائے ہیں، وزیر اطلاعات

وزیر اطلاعات کی طرف سے ستارہ امتیاز حاصل کرنیوالے صحافیوں و کالم نگاروں کے اعزاز میں عشائیہ

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ میڈیا ورکرز کے حقوق کا تحفظ اور ان کی آواز بنا وہ اپنی ذمہ داری اور مشن سمجھتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

بھارت پاکستان کیخلاف فوجی کارروائی کا جواز تیار کر رہا ہے

امریکی اخبار

پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے فوراً بعد بھارت نے پاکستان پر الزام دھرا، مودی کا پاکستان کے خلاف اقدامات میں مدد اور تعاون مانگنے کے لیے درجنوں ملکی سربراہان سے رابطہ ہوا، امریکی اخبار کا دعویٰ

بھارت نے 1960 کے انڈس واٹر ٹریٹی کو معطل کر دیا لیکن مودی سرکار نے پہلگام حملے کے حوالے سے اب تک پاکستان کے خلاف کوئی عوامی ثبوت پیش نہیں کیا، دیگر دریاستوں نے بھارت سے ٹھوس شواہد پیش کرنے کا مطالبہ کیا ہے

صنعتی ادارے ورکر حفاظتی اصولوں کی پابندی یقینی بنائیں، مریم نواز

محفوظ ورک پلیس معیشت کی ترقی کی بنیاد، پنجاب میں ورکرز کی فلاح و بہبود، ان کی حفاظت اور صحت کیلئے کئی ٹھوس اقدامات کئے جا رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ صنعتی ادارے اور کام کرنے والے ورکرز صنعتی اصولوں کی پابندی یقینی بنائیں۔ روزگاری پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ ہر ورکر جگہ پر محفوظ اور صحت مند ماحول (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)



صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق کا ریسکیو ہیڈ کوارٹر کا دورہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر محکمہ صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

بائیکوٹ کا اٹارنی جنرل آفس کے ملازمین کا جوڈیشل الاؤنس روکنے پر اظہار برہمی

لاہور (این این آئی) لاہور بائیکوٹ کے حکم امتناعی کے باوجود اٹارنی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

سوات: وزیراعظم کے بقیہ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان ٹیلنٹ ہنٹ بائسکل کا افتتاح کر رہے ہیں

مسئلہ کی کوشش ہے کہ بانی سے ملاقات کروائی جائے، عمر ایوب

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہیں ہونے دی جا رہی، یہ کچھ پتلی حکومت ہے، اب ان کی کانپیں ٹانگ رہی ہیں، اپوزیشن لیڈر

شہباز شریف بزدل وزیراعظم ہیں اور انہوں نے ہتھیار ڈال دیے ہیں، توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت بھی ملتوی کر دی گئی ہے

راولپنڈی (این این آئی) اپوزیشن لیڈر اور تحریک انصاف کے رہنما عمر ایوب نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کو روکا جا رہا ہے، اپوزیشن لیڈر اور تحریک انصاف کے رہنما عمر ایوب نے اے ٹی سی راولپنڈی کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اہم امور پر تبصرہ کیا۔ عمر ایوب نے کہا کہ توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت بھی ملتوی کر دی گئی ہے۔ فردجرم عائد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

لوکل گورنمنٹ بل 2025 پنجاب اسمبلی میں اتوار کا شکار ہو گیا

قائمہ کمیٹی نے مشاورت کیلئے مزید ممبران کو شامل کرنے کا فیصلہ کر لیا

لاہور (این این آئی) لوکل گورنمنٹ بل 2025 پنجاب اسمبلی میں اتوار کا شکار ہو گیا، قائمہ کمیٹی نے مشاورت کیلئے مزید ممبران کو شامل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ بتایا گیا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری سے رخصت مبارک حضرت امام مہدی کا ظم کے منتظم ملاقات کر رہے ہیں

دریائے جہلم میں اضافی پانی چھوڑنے کا بھارتی پروپیگنڈا بے نقاب

بھارت سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی کی کوشش صرف اپنی عوام کو بیوقوف بنانے کی بھونڈی کوشش کے سوا کچھ نہیں ہے

بھارت کے پاس دریا کا بہاؤ روکنے کی صلاحیت ہی نہیں، پاکستان کے پانی کو کوئی خطرہ نہیں ہے، ذرائع کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) دریائے جہلم میں اضافی پانی چھوڑنے کے حوالے سے بھارتی پروپیگنڈا بے نقاب ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق بھارت سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی کے اعلان کو جگ ہنسائی سے بچانے کیلئے یہ کوشش کی ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ بھارت نے پہلے دریائے جہلم میں اضافی پانی چھوڑا، پھر کہا کہ بھارت کی یہ کوشش صرف اپنی عوام کو بیوقوف بنانے کی بھونڈی کوشش کے بے نقاب ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق بھارت سندھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک سے قازقستان کے وزیر توانائی ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد: ایچ ای سی کی چیئرمین ڈائریکٹر سائنسز فورین وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہی ہیں



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے متعلقہ خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

پاک بھارت کشیدگی، کرتار پور راہداری معمول کے مطابق کھلی رہی

کرتار پور راہداری 70 سالوں کی دعاؤں کا نتیجہ ہے، موجودہ حالات میں بھی کھلی رہنی چاہیے، نیاز تری

لاہور (این این آئی) پاکستان اور بھارت کے درمیان حالیہ کشیدہ صورت حال کے باوجود کرتار پور راہداری معمول کے مطابق کھلی رہی۔ دربار انتظامیہ کے مطابق ہفتہ کو بھی یاتری کرتار پور راہداری کے ذریعے دربار پہنچتے رہے، جہاں وہ عبادات، مذہبی رسومات اور گورودوارہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

کئی سطح پر دونوں حکومتوں کے ساتھ رابطے میں ہیں، محکمہ خارجہ

امریکہ بھارت اور پاکستان پر زور دے رہا ہے کہ وہ ذمہ دارانہ حل کیلئے کام کریں، ترجمان

واشنگٹن (این این آئی) مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں حالیہ واقعے کے بعد پاکستان اور بھارت کے درمیان امریکا کا اہم بیان سامنے آگیا۔ غیر ملکی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

پی ٹی آئی مذاکرات کیلئے تیار، دوسری طرف سے پیشرفت نہیں ہو رہی، عارف علوی

وطن سے محبت کرنے والے اور سینئر پاکستانی ہمارا سرمایہ ہیں، مانچسٹر میں تقریب سے خطاب

مانچسٹر (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف آئی پاکستان کی سیاسی تاریخ پڑھنا کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کے رہنما اور سابق صدر عارف علوی دوسری طرف سے کوئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



ابوظہبی: پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمذی و دیگر ایک کتاب کی لانچنگ تقریب میں شریک ہیں

پہلگام فالس فلیگ حملے پر بھارت میں آوازیں اٹھنے لگیں

بھارت سے اٹھنے والی آوازیں نریندر مودی کے جھوٹے الزامات کی واضح دلیل ہیں، ماہرین

پہلگام (این این آئی) سابق رکن لوک سبھا سریجیت سنگھ ماننے نے بھارتی الزامات پر سوال اٹھا دیے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سریجیت نے کہا کہ بھارت کے پاس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

آیت اللہ خامنہ ای کا شہید رجائی بندرگاہ دھماکے کی تحقیقات کا حکم

سیکیورٹی حکام تحقیقات میں ضابطے کے مطابق کارروائی کریں، ایرانی سپریم لیڈر



تہران (این این آئی) ایران کے شہر بندر عباس میں شہید رجائی بندرگاہ پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

گولیاں چلانا بند کرو اور معاہدہ کرو، ٹرمپ کا یوکرین کو مشورہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے زیلنسکی صدر واڈیمیر پیوٹن کو معاہدہ کرنے کا مشورہ دے دیا۔ غیر ملکی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

علیمہ خان کا نام ای سی ایل میں کیوں شامل کیا گیا؟ فریقین سے جواب طلب

اسلام آباد ہائیکورٹ نے رپورٹ طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت 5 مئی تک ملتوی کر دی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کا نام سٹرکی پابندی کی فہرست میں شامل کرنے پر فریقین سے جواب طلب کر لیا۔ عدالت عالیہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

کراچی وکلاء کا احتجاج، سٹی کورٹ دروازے سائلین کیلئے بھی بند رہی

جب تک نہروں کی تعمیر کا نوٹیفکیشن واپس نہیں لیا جاتا، احتجاج جاری رہے گا، وکلا کا اعلان

کراچی (این این آئی) کینٹ کورٹ سمیت 6 ڈسٹرکٹ کورٹ کراچی میں وکلاء کا احتجاج بھی جاری ہے۔ وکلاء نے سٹی کورٹ کے دروازے بند کر دیے ہیں۔ وکلاء نے سٹی کورٹ کے دروازے بند کر دیے ہیں۔ سائلین کے لیے بند کر دیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

یادگار دیوں پر کانسٹیبل کا سیکیورٹی ڈیوٹی کا جوائن کرنے کا حکم

پاسداران انقلاب

تہران (این این آئی) ایران کے پاسداران انقلاب سے متعلق رکھنے والے ایک ذریعے نے بتایا ہے کہ بندر عباس شہر کی شہید رجائی بندرگاہ پر دھماکے کو سوڈیم پرکلورٹ کے ذخائر میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

شہید رجائی بندرگاہ پر دھماکے کا سوڈیم پرکلورٹ کے ذخائر میں ہونا، ذرائع

بھارتی ایئر لائنز کو ایندھن کی مد میں یومیہ 21 کروڑ کا جھٹکا

نئی دہلی (این این آئی) پاکستانی فضائی حدود کی بندش کے سبب بھارتی ایئر لائنز کو ایندھن کی مد میں یومیہ 21 کروڑ کا جھٹکا لگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

کینیڈا، پاکستانی امیدوار نوکری سے ایک دن کی چھٹی لے کر الیکشن لڑنے پہنچ گیا

اوٹاوا (این این آئی) کینیڈا کے انتخابات میں ایک متنازعہ پاکستانی نژاد امیدوار رانا ثناللہ نے پہنچ کر وہ اپنی سرکاری نوکری سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

بھارتی ایئر لائنز کو ایندھن کی مد میں یومیہ 21 کروڑ کا جھٹکا

نئی دہلی (این این آئی) پاکستانی فضائی حدود کی بندش کے سبب بھارتی ایئر لائنز کو ایندھن کی مد میں یومیہ 21 کروڑ کا جھٹکا لگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

فرانس میں سل پرستی اور نفرت کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے، صدر میکرون

پیرس (این این آئی) فرانس کے صدر میکرون نے مسلمانوں کی مسجد میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

کینیڈا، پاکستانی امیدوار نوکری سے ایک دن کی چھٹی لے کر الیکشن لڑنے پہنچ گیا

اوٹاوا (این این آئی) کینیڈا کے انتخابات میں ایک متنازعہ پاکستانی نژاد امیدوار رانا ثناللہ نے پہنچ کر وہ اپنی سرکاری نوکری سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

ماہانہ، سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کی قیمت مزید کم ہونے کا امکان

مالی سال 2024-25 کی تیسری سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں درخواست دائر کر دی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق مارچ کی ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کے تحت فی یونٹ بجلی 3 پیسے سستی ہونے کا امکان ہے، سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد (این این آئی) بجلی صارفین کو بھی خبر ملنے کا امکان ہے جب کہ ماہانہ اور سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی مزید سستی کیے جانے کی توقع



اسلام آباد: وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر خان میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

استحکام پاکستان پارٹی کا پنجاب بھر میں سیاسی پاور شو کرنے کا فیصلہ

قیادت نے پنجاب تنظیم سے ورکرز کنونشنز کا شیڈول مانگ لیا، آغاز جنوبی پنجاب سے کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی نے اپنی سیاسی طاقت کا مظاہرہ کرنے کا فیصلہ کرلیا اور اس سلسلہ میں قیادت نے پنجاب تنظیم سے ورکرز کنونشنز کا شیڈول مانگ لیا ہے۔ ورکرز کنونشنز کے ذریعے اہم سیاسی پاور شو کرنے کے لیے سب سے پہلے جنوبی پنجاب میں سیاسی طاقت کا مظاہرہ کیا جائے گا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)



اسلام آباد: بیجز میں سینڈنگ کمیٹی برائے کامرس محمد جواصیف کمیٹی میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ "قوت" لاہور 29(2) اپریل 2025

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	4:00
فجر	4:45
ظہر	1:30
عصر	5:15
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی ٹی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786



لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ، مینارٹی ایڈوائزری کونسل، پنجاب کے نومنتخب عہدیداران کے ہمراہ انکسیشن چیئرمین حلف اٹھا رہے ہیں

مینارٹی ایڈوائزری کونسل، پنجاب (MACP) کی تقریب حلف برداری

رمیش سنگھ اروڑہ کا اقلیتی برادریوں کی مؤثر نمائندگی اور بااختیار بنانے کے عزم کا اظہار

کونسل کے پلیٹ فارم سے مذہبی اقلیتوں کے مسائل کو احسن طریقے سے حل کیا جائے گا: رمیش سنگھ اروڑہ

بھارت نے کوئی بھی سازش کی تو اسکو منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ وزیر اقلیتی امور

لاہور (خبر نگار) پنجاب کی نومنتخل شدہ مینارٹی ایڈوائزری کونسل (MACP) کی حلف برداری کی تقریب نیو شعزر بلاک کے کمیٹی روم میں منعقد ہوئی۔ تقریب حکومت پنجاب کی اقلیتی برادریوں کی نمائندگی، تحفظ اور بااختیار بنانے کی کوششوں کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہوئی۔ تقریب میں سکھ، ہندو، مسلم اور دیگر اقلیتی برادریوں کے نمائندوں کے علاوہ سرکاری حکام اور دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر رمیش سنگھ اروڑہ نے بطور چیئرمین MACP حلف اٹھایا، جبکہ عامر ان مسیح بھٹی نے وائس چیئرمین اور عاقب عالم نے کنوینر کے طور پر اپنے عہدے کا حلف اٹھایا۔ یہ کونسل وزیر اعلیٰ پنجاب کی منظوری سے قائم کی گئی اور باقاعدہ طور پر مذہبی، انسانی حقوق و اقلیتی امور کی جانب سے نوٹیفائی کی گئی ہے۔ کونسل کی مدت تین سال ہوگی، تاہم حکومت جب چاہے اسے تحلیل کر سکتی ہے۔ سیکرٹری انسانی حقوق و اقلیتی امور رانے علی بہادر قاضی نے تمام مہمان نے حلف لیا۔ چیئرمین رمیش سنگھ اروڑہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میرا اس اہم کونسل کا چیئرمین بننا باعث اعزاز ہے جبکہ ہم سب مل کر ہی ہم آہنگی کے فروغ، اقلیتی برادریوں کے حقوق کے تحفظ، اور ان کے معاشی و سیاسی مواقع میں بہتری کے لیے حکومت پنجاب کے ساتھ قریبی تعاون میں کام کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کونسل کے پلیٹ فارم سے ذہنی اقلیتوں کے مسائل کا احسن طریقے سے حل کیا جائے گا۔ انہوں نے مجاری حکومت کی طرف سے جھوٹے الزامات پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں بسنے والے تمام شہری ایک قوم ہیں جبکہ بھارت میں مختلی قومی نفی ہیں بستی ہیں تاہم اگر بھارت کے اندر حکومت، کہ سازش کی تو اسکو منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ رمیش سنگھ اروڑہ نے سکھ کمیونٹی کو خوشخبری سنائی کہ پاکستان کی حکومت کی جانب سے ان کے مسائل کو احسن طریقے سے حل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان آنے والے سکھ یاتریوں کے لیے کوئی پابندی نہیں ہے جبکی بہترین مثال حالیہ میساکھی تقریبات میں دیکھی گئیں۔ کونسل کی اہم ذمہ داریوں میں اقلیتوں سے متعلق مسائل پر حکومت کو مشورہ دینا، بین المذاہب ہم آہنگی اور رواداری کو فروغ دینا، اقلیتوں کے بنیادی انسانی حقوق اور آزادیوں کے تحفظ کو یقینی بنانا، اقلیتی برادریوں کی فلاح و بہبود کے لیے حکومتی ترقیاتی منصوبوں میں معاونت فراہم کرنا، تعلیم، روزگار اور سیاسی شمولیت کے مواقع کو بہتر بنانا شامل ہے جبکہ یہ کونسل بغیر کسی معاوضے کے کام کرے گی، اور اس کا مقصد صرف عوامی خدمت اور مساوات کا فروغ ہے۔ تمام اراکین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے متحرک کردار ادا کریں گے اور وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں اپنی ذمہ داریاں بھرپور طریقے سے نبھائیں گے۔ حلف برداری کی تقریب کے اختتام پر پوپ فرانسس کے انتقال پر اتحاد کے خصوصی دعائے مغفرت کی گئی۔ کونسل کے اراکین میں سہیل ایوب، شاہد جاوید برکت، کرامت مسیح، ندیم مسیح، عاشق مسیح، انیل پرویز، سہیل انور، داور سنگھ، مفتی سید عاشق حسین اور مولانا شکیل الرحمٰن شامل تھے۔



لاہور: پولیس کا گریڈ ہیلتھ الائنس کے مظاہرین کے خلاف کریک ڈاؤن، متعدد افراد زیر حراست

لاہور (خبر نگار) لاہور میں پولیس نے ڈیوٹی والی ہاؤس کے سامنے دھرنا دینے والے گریڈ ہیلتھ الائنس کے مظاہرین کے خلاف کریک ڈاؤن کرکے متعدد افراد کو حراست میں لے لیا۔ لاہور میں گریڈ ہیلتھ الائنس کے دھرنے کے 23 ویں روز دھرنے کے شرکاء نے آج ایوان وزیر اعلیٰ کا رخ کرلیا۔ شرکاء پریس زون کی رکاوٹیں ہٹاتے ریلی کی صورت میں شاہراہ کراس سے ایوان وزیر اعلیٰ کے سامنے پہنچ گئے، پولیس نے روکنے کی کوشش کی تو جھڑپیں شروع ہوگئیں۔ پولیس نے مظاہرین کو گھسیٹ گھسیٹ کر پرزن وین میں ڈالنا شروع کر دیا۔ مظاہرین نے پولیس کی گاڑی پر دھاوا بول دیا، دھکہ دیکر 2 افراد کو دھوکے جب کہ ایک پولیس اہلکار کی دوربی چھت ٹوٹ گئی۔ ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران کا کہنا ہے کہ لوگ ہی اوور ٹیکنگ توڑنے کی کوشش کر رہے تھے، اس لیے ان کو پیچھے ہٹانا پڑا، جس مظاہرین کو حراست میں لیا گیا تھا انہیں پولیس ہیڈ کوارٹر لے گئے۔ گریڈ ہیلتھ الائنس کے ملازمین نے ہال روڈ پر ایوان وزیر اعلیٰ کے سامنے سے ہٹ کر کلب چوک کی سڑک پر بیٹھ گئے۔

5 تھانوں میں انچارج انویسٹی گیشن کے تقرر وتبادلے

لاہور (رمیش علی ہے) 01- انسپکٹر مبشر منیر انویسٹی گیشن بلاک لاہور کے ایس ایچ او تھانہ غازی آباد تعینات 02- سب انسپکٹر منصب خان انچارج انویسٹی گیشن تھانہ غازی آباد سے کلوز انویسٹی گیشن بلاک لاہور، 03- سب انسپکٹر خالد یعقوب انچارج انویسٹی گیشن تھانہ بی بی پاک دامن سے انچارج انویسٹی گیشن تھانہ شاہدرہ تعینات، 04- سب انسپکٹر عاطف سعید انچارج انویسٹی گیشن تھانہ شاہدرہ سے کلوز انویسٹی گیشن بلاک لاہور، 05- انسپکٹر واجد جہانگیر انچارج انویسٹی گیشن تھانہ شاہدرہ ٹاؤن سے کلوز انویسٹی گیشن بلاک لاہور، 06- سب انسپکٹر سید سجاد حیدر انچارج ایس پی انویسٹی گیشن ماڈل ٹاؤن سے

شہر میں ٹریفک حادثات سمیت مختلف واقعات میں 5 افراد جاں بحق ہوگئے

ایدھی ترجمان کے مطابق گجر پورہ میں گرمال گھاٹی کے قریب ٹریفک حادثہ میں 2 افراد جاں بحق ہوگئے

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں ٹریفک حادثات سمیت مختلف واقعات میں 5 افراد ہلاک ہوگئے۔ ایدھی ترجمان کے مطابق گجر پورہ میں گرمال گھاٹی کے قریب ٹریفک حادثہ میں 2 افراد جاں بحق ہوگئے مرنے والوں میں 40 سالہ عبدالرزاق اور نامعلوم شخص شامل ہے دوسرے واقعہ میں کاہنہ کے علاقے ملہی میں ٹریفک حادثہ میں 30 سالہ جوان جوشیلہ جاں بحق ہوا جبکہ گرین بلاک میں 2 افراد زخمی ہوئے۔ تیسرا واقعہ ہربنس پورہ میں پیش آیا جس میں 45 سالہ شخص مردہ حالت میں ملا، متوفی کی شناخت عاقب ولد مقبول کے نام سے ہوئی بظاہر لگتے کا عارضہ ہونا بتایا گیا ہے۔ اسی طرح برکی میں نامعلوم شخص کی تیز کی ہوئی لاش برآمد ہوئی، متوفی کی شناخت نہ ہوسکی۔ اطلاع ملنے پر متعلقہ تھانوں کی پولیس نے قانونی کارروائی کے بعد نعشیں ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانہ منتقل کردیں۔

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں انٹرمیڈیٹ کے داخلے آج شروع ہوں گے: ڈاکٹر کظمی قریشی

ایڈمیشن فارم آن لائن مکمل کرنا ہوگا داخلے نوٹیس کے رزلٹ کی بنیاد پر آگے کیے جارہے ہیں: ڈی سی

لاہور (خبر نگار) لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں انٹرمیڈیٹ سال اول کے داخلے آج شروع ہوں گے۔ ایڈمیشن فارم آن لائن مکمل کرنا ہوگا۔ یہ داخلے نوٹیس کے رزلٹ کی بنیاد پر آگے کیے جارہے ہیں اور جو امیدوار درجوں کا انتظار کیے بغیر آگے پڑھنا چاہیں ان کا داخلہ منسوخ کردیا جائے گا۔ واضح رہے کہ لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی ڈاکٹر کظمی قریشی نے بتایا کہ گریڈ وائز داخلے ختم کردیے گئے ہیں جس میں پری میڈیکل، پری انجینئرنگ، آئی سی ایس، ہوم اکنامکس، جنرل سائنس، آرٹس اور آئی کام شامل ہیں۔ سیلف سپورٹ ایوننگ کلاسز کیلئے پانچ مضامین رکھے گئے ہیں جن میں پری میڈیکل، پری انجینئرنگ، آئی سی ایس، آرٹس اور کامرس شامل ہیں۔ معذور، اقلیتوں، کھلاڑیوں، غیر ملکیوں اور دیگر خصوصی بچے حلقے والی درخواست گزاروں کیلئے کوٹہ بھی رکھا گیا ہے۔ داخلے 9 ستمبر تک جاری رہیں گے۔ پہلی میرٹ لسٹ 19 کو لگائی جائے گی اس دوران 12 ستمبر سے 15 ستمبر تک اپلیکیشن ونڈو کی بنیاد پر داخلے کیے جائیں گے۔ داخلوں کے خواہشمند طلبہ و طالبات 9 ستمبر تک داخلہ فارم جمع کرا سکیں گی تاہم اس کے داخلے کا مکمل اویلوں کے نتائج آنے اور اویلیوں سرٹیفکیٹ جمع کرانے کے بعد مکمل کیا جائے گا۔

ساہیوال پریس کلب دسمبر تک ساہیوال کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا

مزید فری میڈیکل کیمپ لگائے جائیں گے تاکہ مریض استفادہ حاصل کر سکیں



ساہیوال (عراے ذی کیم پہ راسے) ساہیوال پریس کلب دسمبر ڈ ساہیوال کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں شوگت نے خصوصی طور پر شرکت کی میڈیکل کیمپ میں ساہیوال پریس کلب کے ممبران صحافیوں اور شہریوں کی شوگر سکریننگ، بلڈ پریشر، بلڈ ٹیسٹ، یورک ایسڈ ٹیسٹ، بلڈ پریشر، دنیز ٹیسٹ بھی کیے گئے اور مفت ادویات بھی فراہم کی گئی اس موقع پر ڈاکٹر جمیل ٹھیکریدار نے بتایا کہ الاللہ کی رضا کے لیے عوام کے لیے خدمات کا سلسلہ اسی طرح جاری رکھا جائے گا جبکہ فری میڈیکل کیمپ لگانے کے لیے ساہیوال پریس کلب کے ممبران سے گزارش کی گئی کہ وہ اپنے ارد گرد بھی ایسے کیمپ لگوانے میں اپنا کردار ادا کریں اس موقع پر صدر پریس کلب ساہیوال ملک ذوالفقار اعوان، سیکرٹری ملک ذوالفقار اعوان، سینیئر رکن ملک نعیم اعوان، ملک ذوالفقار اعوان، ملک ذوالفقار اعوان، ملک ذوالفقار

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 29 اپریل 2025ء

نارنگ منڈی: مسیحی برادری کی پاک فوج کے حق میں ریلی

ارض پاک کی حفاظت کے لیے مسیحی برادری افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے پہلگام کے واقعے کی پرزور مذمت کرتے ہیں



نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) مسیحی برادری جماعت اسلامی اور تاجر برادری کا پاک فوج سے یکجہتی کا اظہار پاک فوج زندہ باد اور انڈیا کیخلاف نعرہ بازی پیپز مین ابتدائی رسولی کلیسیاء آف پاکستان پاسٹر ڈاکٹر مرقس شریف نے افواج پاکستان کے حق میں مظاہرہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ارض پاک کی حفاظت کے لیے مسیحی برادری افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے پہلگام کے واقعے کی پر زور مذمت کرتے ہیں بھارتی سرکار نریندر مودی بنا کسی تحقیق کے ملک پاکستان پر جنگ مسلط کرنے کی غلطی نہ کریں کیونکہ پاکستان ہر حملے کا پرزور جواب دے گا جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں پہلگام واقعے کی اقوام متحدہ سے تحقیقات کروا کر ذمہ داران کو قرار واقعی سزا دیں پاکستان مقتولین کے ورثا کے ساتھ ہے بڑی بڑی جنگوں کے فیصلے ٹیبل پر ہونے ہیں دونوں اطراف ناحق خون بہانے کے خلاف ہیں نکالی گئی ریلی میں شرکاء کا کہنا تھا کہ ہم پرامن لوگ ہیں لیکن جنگ مسلط کی گئی تو ساری دنیا پر روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ پاکستان ایک ایٹمی طاقت ہے ایسی کوئی غلطی نہ کی جائے جس سے بھارت کو بعد میں پچھتاوا ہو افواج پاکستان دنیا کی سمجھی ہوئی فوج ہے ریورنڈ پادری پرنس مسیح مبشر فیصل محمود بھٹی نے بھی خیالات کا اظہار کیا اور پاکستان کی سلامتی افواج پاکستان کے لیے دعا کی گئی۔

عظیم سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر کی راجپوت ہاؤس اشرف ٹاؤن آمد

چکوال (ایم ایوب سلطانی) عظیم سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر کی راجپوت ہاؤس اشرف ٹاؤن آمد۔ سیاسی رہنما راجہ امجد علی سے ان کے بھانجے راجہ شارق امین کی وفات پر اظہار تعزیت اور مرحوم کی مغفرت کے لیے دعا کی۔



میاں چنوں: تجاوزات کے خلاف کارروائی، متعدد دکانداروں کا سامان ضبط، بھاری جرمانے کئے گئے

کارروائی کے دوران دکانوں کے باہر رکھا گیا غیر قانونی سامان ضبط کرلیا گیا



میاں چنوں (نمائندہ خصوصی) تجاوزات کے خلاف کارروائی، متعدد دکانداروں کا سامان ضبط، بھاری جرمانے کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر میاں چنوں ساجدہ رزاق کی ہدایت پر میونسپل کارپوریشن آفیسر رحمان لطیف کی نگرانی میں میونسپل کمیٹی عملے نے مختلف بازاروں میں تجاوزات کے خلاف کارروائیاں کیں، کارروائی کے دوران دکانوں کے باہر رکھا گیا غیر قانونی سامان ضبط کرلیا گیا جبکہ کئی دکانداروں کو ہزاروں روپے کے جرمانے کئے گئے، اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق نے کہا کہ شہر میں تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی، دکانداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی حدود میں رہتے ہوئے کاروبار کریں اور انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کریں، ان کا کہنا تھا کہ شہر کی خوبصورتی اور عوامی سہولت کے لیے تجاوزات کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی۔

مستحق و نادار افراد کی بلا امتیاز و تفریق خدمت ہماری اولین ترجیح ہے: عبدالحمید بھٹی

اس سلسلہ میں غریب گھرانوں کے بچوں کو تعلیمی وظائف کتب و یونیفارم مہیا کئے جارہے ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن راجپوتاں ضلع شیخوپورہ کے پیٹرن عبدالحمید بھٹی نے کہا ہے کہ انجمن راجپوتاں کے پلیٹ فارم سے مستحق و نادار افراد کی بلا امتیاز و تفریق خدمت ہماری اولین ترجیح ہے فروغ تعلیم کی خاطر بھی بھرپور کردار ادا کیا جارہا ہے اس سلسلہ میں غریب گھرانوں کے بچوں کو تعلیمی وظائف کتب و یونیفارم مہیا کئے جارہے ہیں بیوہ خواتین کی کفالت پر بھی توجہ دی جارہی ہے انہیں مالی معاونت فراہم کرکے خود کفیل بنایا جارہا ہے تاکہ وہ باوقار انداز میں زندگی بسر کرسکیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے رانا محمد اکرم کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، عبدالحمید بھٹی نے کہا کہ انجمن راجپوتاں کے عہدیداران وارکان جذبہ خدمت سے سرشار ہیں جب سے اس پلیٹ فارم کا قیام عمل میں لایا گیا ہے اس وقت سے ہم مشترکہ کاوشوں سے عوامی فلاح و بہبود کی خاطر بھرپور کردار ادا کررہے ہیں جس کا اجر ہمیں شہرت کی صورت میں نہیں بلکہ معاشرتی بھلائی کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے حاصل کرنا مقصود ہے جملہ عہدیداران و ارکان کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ مستحقین کی امداد میں دکھاوا شامل نہ ہو تاکہ ضرورت مندوں کی عزت نفس کو مجروح ہونے سے بچایا جاسکے ان شاء اللہ خدمت کا یہ سفر جاری رہے گا اور غریب و نادار افراد سمیت برادری کے افراد کے انفرادی و اجتماعی مسائل کے حل میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی۔

کوٹ رادھا کشن LWMC نے وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن کے مطابق شہر اپنجاب کو یقینی بنانے کا عزم کرلیا

کوٹ رادھا کشن (نمائندہ خصوصی) کوٹ رادھا کشن LWMC نے وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن کے مطابق شہر اپنجاب کو یقینی بنانے کا عزم کرلیا۔ صحافی سے بات کرتے ہوئے سی ای او سید زین شاہ اور تحصیل مینیجر قاسم خان نے کہا ہے کہ کوٹ رادھا کشن میں ہر شہر اور محلے کو صاف ستھرا بنائے گے اور یاسین برادرز کے وزن کے مطابق کوٹ رادھا کشن کو مثالی شہر بنائے گے۔

بیادِ چوہدری محمد بشیر آڑھتی 62ویں سالانہ مجلس عزاء ذکر مظلوم کربلا یکم مئی کو مسجد مصطفیٰ والمرتضیٰ ہاؤسنگ کالونی میں ہوگی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) بیادِ چوہدری محمد بشیر آڑھتی 62ویں سالانہ مجلس عزاء ذکر مظلوم کربلا یکم مئی کو مسجد مصطفیٰ والمرتضیٰ ہاؤسنگ کالونی میں ہوگی جو دوپہر ایک بجے سے شام تک جاری رہے گی، یہ بات بین المذاہب ہم آہنگی و اتحاد بین المسلمین پنجاب کے چیئرمین میاں افتخار حسین جالندھری نے میڈیا کو بتائی، انہوں نے مزید بتایا کہ علامہ مولانا سید عارف حسین کاظمی آف کراچی، علامہ سید شہنشاہ حسین نقوی آف کراچی، علامہ عباس شاہ، ربانی فدا کرسر دارگی عباس، مولانا اظہر حسین شیرازی، سید نجم الحسن نونہتک، سید ممتاز حسین عباس شاہ، فیاض حسین شاہ، محمد اسحاق، علی عمران جعفری، علی کاظم ملک، علی سبطین بھٹی، سید ممتاز حسین بخاری، مولانا فیض الحسن، میثم عباس، حسن عباس نوشہی، اظہر حسین نیئر، ریاض حسین چمن، ناصر حسین باجوہ، میاں علی رضا و دیگر شرکت کریں گے۔

فصل کی باقیات کو جلانے کا نتیجہ قریب 10 ایکڑ پر گندم کی فصل جل کر راکھ کے ڈھیر میں تبدیل

لاکھوں روپے مالیت کی گندم اور توڑی جل راکھ ہو گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کے نواحی علاقہ میں فصل کی باقیات کو جلانے کا نتیجہ قریب 10 ایکڑ پر گندم کی فصل جل کر راکھ کے ڈھیر میں تبدیل لاکھوں روپے مالیت کی گندم اور توڑی جل راکھ ہوگئی تفصیلات کے مطابق جہلم کے علاقے چک مغلاں میں زمیندار نے گندم کاٹنے کے بعد باقیات کو آگ لگا دی آگ آہستہ آہستہ پڑوسی کسان کی کھڑی گندم کی فصل میں داخل ہوگئی آگ نے دیکھتے ہی دیکھتے کھڑی فصل کو اپنی لپیٹ میں لے لیا واقعہ کی اطلاع ملتے ریسکیو فائر برگیڈ کی گاڑیاں بھی موقع پر پہنچ گئیں اور آگ پر قابو پانے تک کاشتکار کی لاکھوں روپے مالیت کی گندم اور توڑی جل کر خاکستر ہوگئی علاقہ مکینوں نے اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے متاثرہ کسان کی مالی مدد کرنے کا مطالبہ کیا ہے

مصطفیٰ آباد: سید قاسم علی شاہ کی مصطفیٰ آباد میں شکیل احمد خاں کے گھر آمد

شکیل احمد کو تحائف پیش کئے گئے، شکیل احمد خاں کی طرف سے سید قاسم علی شاہ کو شیلڈ پیش کی گئی



مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) سید قاسم علی شاہ کی مصطفیٰ آباد میں شکیل احمد خاں کے گھر آمد، سید قاسم علی شاہ نے شکیل احمد کو تحائف پیش کئے، جبکہ شکیل احمد خاں کی طرف سے سید قاسم علی شاہ کو شیلڈ پیش کی گئی، تفصیلات کے مطابق معروف موٹیویشنل سپیکر، ٹرینر، کالم نگار، مصنف سید قاسم علی شاہ کی مصطفیٰ آباد میں معروف کوئن کولیکٹر مصطفیٰ آباد کی پہنچان شکیل احمد خاں کے گھر تشریف لائے، جہاں پر سید قاسم علی شاہ نے شکیل احمد کو تحائف پیش کئے، جبکہ شکیل احمد خاں کی طرف سے سید قاسم علی شاہ کو شیلڈ پیش کی گئی، شکیل احمد خاں نے کہا کہ سید قاسم علی شاہ کی محبتوں کا مشکور ہوں، سید قاسم علی شاہ کی گفتگو ہمارے لئے مشعل راہ ہے، انہوں نے ہمیشہ محبت کا اظہار کیا ہے، سید قاسم علی شاہ پاکستانی نوجوانوں کے لئے ایک آئیڈیل کی حیثیت رکھتے ہیں، سید قاسم علی شاہ کی شخصیت اور ان کی گفتگو نے ہزاروں افراد کی زندگی بدل دی ہے ہمیں ایسے لوگوں کی قدر کرنی چاہیے۔

معاشی بحالی کیلئے بزنس کمیونٹی کی سوچ کو یکسر بدلنا ہوگا: ریحان نسیم بھراڑہ

ٹیکسٹائل فیصل آباد کی شناخت ہے مگر گزشتہ 2 دہائیوں سے اس شہر کا صنعتی منظر نامہ تیزی سے تبدیل ہوا ہے: صدر فیصل آباد چیمبر



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) معاشی بحالی کیلئے بیوروکریسی اور بزنس کمیونٹی سمیت ہم سب کو اپنی سوچ اور طرز عمل کو یکسر بدلنا ہوگا۔ یہ بات فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ریحان نسیم بھراڑہ نے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن پشاور میں زیر تربیت 37ویں سینئر مینجمنٹ کورس کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے فیصل آباد اور فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا تعارف پیش کرنے کے علاوہ ملک کی مجموعی معاشی صورتحال پر روشنی ڈالی اور شرکا کے سوالوں کے جوابات بھی دیئے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکسٹائل فیصل آباد کی شناخت ہے مگر گزشتہ 2 دہائیوں سے اس شہر کا صنعتی منظر نامہ تیزی سے تبدیل ہوا ہے اور آج یہاں کاروں کی اسمبلنگ کے علاوہ فارماسوٹیکل، فوڈ اور نسٹشری، ڈائپر اور ٹائلز کی بھی برآمد ہو رہی ہے۔ انہوں نے "اڑان پاکستان" پروگرام کے تحت برآمدات کو 60 ارب ڈالر تک بڑھانے کی حمایت کی اور کہا کہ ہم پاکستان کی برآمدات کو 100 ارب ڈالر تک لے جاسکتے ہیں مگر اس مقصد کیلئے ہمیں دیگر متعلقہ شراکت داروں سے مشاورت کرنا ہوگی۔ انہوں نے سوالوں کے جواب دیتے ہوئے کہا کہ پائیدار معاشی ترقی کیلئے پالیسیوں کے تسلسل اور سازگار ماحول مہیا کرنے کے علاوہ آئی ٹی اور ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے بنیادی اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر خزانہ اور سیکرٹری انویسٹمنٹ فیسلی ٹیشن کونسل بہت اچھا کام کر رہے ہیں جس سے حالات بتدریج بہتر ہو رہے ہیں۔ کوآرڈی نیٹر کیپٹن (ر) خالد محمود نے مہمان نوازی پر فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا شکریہ ادا کیا۔ آخر میں صدر ریحان نسیم بھراڑہ نے طارق بختیار کو چیمبر جبکہ طارق بختیار نے صدر ریحان نسیم بھراڑہ کو نیپا پشاور کی شیلڈ پیش کی۔ سینئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کو فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی گولڈن جوبلی کے حوالے سے خصوصی پن بھی لگائی گئیں۔

سابق وفاقی وزیر و سینیٹر رہنما پی پی پی قمر الزمان کائرہ کا دورہ سیالکوٹ

نائب صدر سینٹرل پنجاب خواجہ اویس مشتاق کیساتھ حلقہ پی پی 52 پر مشاورت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابقہ وفاقی وزیر قمر الزمان کائرہ نے سیالکوٹ کا خصوصی دورہ کیا۔ دن کو دن ملاقات کے دوران مرکزی رہنما پاکستان پیپلز پارٹی نے نائب صدر پی پی پی سینٹرل پنجاب خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ و قمر الزمان کائرہ کے ساتھ گرین گرین پاکستان کے چیئرمین چوہدری موسیٰ اشفاق، خواجہ علی شیر ایڈووکیٹ، سماجی راہنما میاں سرفراز نواز، چوہدری آفاق ندر نے خصوصی گروپ فوٹو بنوائی۔



کے موقع پر اپنے امیدواروں کی بھرپور سپورٹ کیساتھ زبردست کمپین کی جائیگی اور الیکشن میں جیت پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار کی ہوگی جس کے لئے الیکشن حکمت عملی طے کر لی گئی ہے۔ بعد ازاں خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ و قمر الزمان کائرہ کے ساتھ گرین گرین پاکستان کے چیئرمین چوہدری موسیٰ اشفاق، خواجہ علی شیر ایڈووکیٹ، سماجی راہنما میاں سرفراز نواز، چوہدری آفاق ندر نے خصوصی گروپ فوٹو بنوائی۔

جامن کالونی لاہور روڈ پر سیوریج مسائل کے حل کے لیے میونسپل کمیٹی چنیوٹ کے اقدامات

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جامن کالونی لاہور روڈ پر سیوریج مسائل کے حل کے لیے میونسپل کمیٹی چنیوٹ کے اقدامات، میونسپل کمیٹی چنیوٹ کی جانب سے جامن کالونی لاہور روڈ پر عرصہ دراز سے جاری سیوریج مسائل کے حل کے لیے اقدامات اس کی نگرانی میونسپل کمیٹی کے نمائندہ محمد عزیز نے کی محمد عزیز نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوامی سہولت اور صحت مند ماحول کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ جامن کالونی میں درپیش سیوریج مسائل کے سبب شہریوں کو مشکلات کا سامنا تھا، جس کے حل کے لیے ترجیحی بنیادوں پر کام شروع کیا گیا۔

حرب الفرید ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام عشق مصطفیٰ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا

علماء کرام کی جانب سے فلسطینیوں پر اسرائیلی مظالم اور بھارتی آبی جارحیت کی شدید الفاظ میں مذمت



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) حرب الفرید ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام عشق مصطفیٰ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا معروف عالم دین مفتی ڈاکٹر محمد مظہر فرید شاہ نے کانفرنس میں خصوصی شرکت کی ٭ علماء کرام کی فلسطینیوں پر اسرا٭یلی مظالم اور بھارتی آبی جارحیت کی شدید الفاظ میں مذمت کی تفصیلات کے مطابق جامع مسجد اٹھ تالاب میں چوہدری خوشی محمد کی زیر صدارت ہونے والی کانفرنس میں علامہ اسد مدنی سمیت علماء کرام ٭ مذہبی رہنما٭ں اور عاشقان رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی بڑی تعداد نے شرکت کی ٭ کانفرنس سے خطاب کرتے ہو٭ے مفتی ڈاکٹر محمد مظہر فرید شاہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ یہ دنیا اور اس کا سارا انظام اپنے محبوب صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی جلوہ گری کے ل٭ے پیدا کیا ٭ نبی کریم صل٭ اللہ علی٭ وال٭ وسلم سے محبت وعشق ایمان کی اہم ترین شرط ہے اور اس عشق کا تقاضا ہے کہ ہم اپنی زندگیاں اللہ تعالیٰ کے احکامات اور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سنت کے مطابق بسر کریں انہوں نے کہا کہ فلسطین سمیت مختلف اسلامی خطوں پر غیر مسلموں کے مظالم کے بعد مسلمانوں پر جہاد فرض ہو چکا ہے۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کا علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ

فرائض سے غفلت اور مریضوں کی شکایت پر سینئر رجسٹرار ڈاکٹر سدرہ کی معطلی اور انکوائری کے احکامات صادر کر دیئے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کا علامہ اقبال ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ فرائض سے غفلت اور مریضوں کی شکایت پر سینئر رجسٹرار ڈاکٹر سدرہ کی معطلی اور انکوائری کے احکامات صادر۔ ڈیوٹی روسٹر میں نام ہونے کے باوجود ڈیوٹی پر موجود نہ ہونے پر تین میڈیکل سپرنٹنڈنٹس سے وضاحت طلب وہ صبح آٹھ بجے ہسپتال پہنچیں اور ڈیڑھ گھنٹے تک ہسپتال میں موجود رہیں انہوں نے میڈیکل وارڈ، زنانہ میڈیکل وارڈ، ایمرجنسی، پیڈز اور گائنی وارڈز کا معائنہ کیا انہوں نے ادویات کے سٹاک اور بلڈ کلیکشن سنٹر کا معائنہ کیا ڈپٹی کمشنر نے مریضوں اور انکے لواحقین سے اسپتال میں فراہم کردہ سہولیات کی بابت دستیاب ادویات کی لسٹ اور ڈیوٹی روسٹرز نمایاں جبکہ آویزاں کئے جائیں۔ گورنمنٹ علامہ اقبال ٹیچنگ اسپتال میں جاری کی کہ پھچاڈیوٹی سے کوتاہی کسی صورت برداشت نہ ہوگی، سخت کارروائی ہوگی ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے ہدایت

گیمبر قادر آباد میں دودھ اور دہی کی قیمتیں آؤٹ آف کنٹرول

گیمبر اور کالرہ چھلونی (نامہ نگار) گیمبر منتظمیہ کی انتظامیہ کی نااہلی کی وجہ سے گیمبر قادر آباد میں دودھ اور دہی کی قیمتیں آؤٹ آف کنٹرول پرائز کنٹرول مجسٹریٹ شہری حلقوں میں فوٹو سیشن کر کے سب اوکے کی رپورٹ پیش کرنے لگے وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال کمشنری انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے گیمبر قادر آباد نور شاہ یوسف والا بگوی پل اور اس کے گردونواح میں دکاندار حضرات اپنا اپنا ریٹ بنا کر دودھ 180 سے 200 روپے کلو اور دہی 220 250 روپے کلو میں فروخت کر کے شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے لگے پرائز کنٹرول مجسٹریٹ شہری حلقوں میں فوٹو سیشن کرنے کے بعد سب اوکے کی رپورٹ پیش کرنے لگے عرصہ دراز سے گیمبر قادر آباد اور اس کے گردونواح میں پرائز کنٹرول مجسٹریٹ سکرین سے غائب دودھ دہی مہنگے دام فروخت کرنے والے دکانداروں کو کوئی پوچھنے والا نہیں۔

ملاوٹ مافیا کے خلاف بھرپور کارروائیاں بلاناغہ جاری

اس ضمن میں فوڈ سیفٹی ٹیموں نے شہر کے مختلف علاقوں میں 129 فوڈ بزنسز کی انسپکشنز کیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی سربراہی میں ملاوٹ مافیا کے خلاف بھرپور کارروائیاں بلاناغہ جاری ہیں۔ اس ضمن میں فوڈ سیفٹی ٹیموں نے شہر کے مختلف علاقوں میں 129 فوڈ بزنسز کی انسپکشنز کیں اس دوران 46 فوڈ بزنسز کو اصلاحاتی نوٹسز جاری کئے گئے۔ ٹیموں نے مختلف علاقوں میں واقع سوڈا واٹر پلانٹس پر چھاپے مارے اور 70 لیٹر سے زائد مضر صحت غیر معیاری سوڈا واٹر موقع پر تلف کرا دیا جبکہ ورکرز کے میڈیکل سرٹیفکیٹس کی عدم موجودگی اور صفائی ستھرائی کی ابتر صورت حال پر 30000 روپے کے بھاری جرمانے عائد کئے گئے۔ علاوہ ازیں گوشت بیچنے والی دکانوں کو گندی کونز کے استعمال اور حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی پر 22000 روپے کے جرمانے جبکہ ایکسپائرڈ مصنوعات کی روک تھام کے لئے کارروائیاں کرتے ہوئے مختلف فوڈ پوائنٹس اور کریانہ سٹورز کو 30،000 روپے کے جرمانے اور 10 کلو سے زائد ایکسپائرڈ اشیاء تلف کرا دیں۔

جہلم شہر میں گداگری عروج پر گلی محلوں بازاروں اور سڑکوں پر بھکاریوں کی بھرمار

شہری پریشان جرائم میں اضافہ، ڈسٹرکٹ پولیس سے نوٹس لینے کا مطالبہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں گداگری عروج پر گلی محلوں بازاروں اور سڑکوں پر بھکاریوں کی بھرمار، شہری پریشان جرائم میں اضافہ، ڈسٹرکٹ پولیس سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق شہر سمیت گردونواح کے گلی محلوں، بازاروں، سڑکوں اور پوش علاقوں میں بھکاریوں کی تعداد میں ہوشربا اضافہ سے نہ صرف شہری پریشان ہیں بلکہ منشیات فروشی جسم فروشی، اور موٹر سائیکل چوری جیسی روزمرہ کی وارداتوں میں بے تحاشا اضافہ ہوا ہے۔ زرائع کے مطابق بھکاریوں میں زیادہ تر نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کی ہے جو گداگری کی آڑ میں سادہ لوح عوام سے بھیک کی صدا لگاتے ہیں اور نہ دینے پر ان سادہ لوح افراد کو بلیک میل کرنے کے لئے بدتمیزی پر اتر آتے ہیں نوجوانوں بھکاریوں کے سرپرست ہر گلی محلے میں موجود ہوتے ہیں، روزانہ کی بنیاد پر بھکاریوں اور نشیوں سے منشیات فروشی اور جرائم کرواتے ہیں جس سے نوجوان نسل تباہ ہو رہی ہے، گھروں کے چشم و چراغ تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں، والدین پریشان ہیں، بہنوں کی شادیاں طوالت اختیار کیئے ہوئے ہیں اور گھریلو حالات انتہائی کشیدہ ہو چکے ہیں شہریوں نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سے گداگری کی آڑ میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت ایکشن لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

حافظ آباد میں کسان بورڈ کے زیر اہتمام ضلع بھر کے کاشتکار، زمیندار بھارت کی آبی جارحیت کے خلاف سراپا احتجاج

چودھری امان اللہ چٹھہ اور شوکت علی پھلروان کی قیادت میں کسانوں، زمینداروں نے پریس کلب سے احتجاجی ریلی نکالی اور فوارہ چوک میں مظاہرہ کیا



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں کسان بورڈ کے زیر اہتمام ضلع بھر کے کاشتکار، زمیندار بھارت کی آبی جارحیت اور لاقانونیت کے خلاف سراپا احتجاج بن گئے۔ چودھری امان اللہ چٹھہ اور شوکت علی پھلروان کی قیادت میں کسانوں، زمینداروں نے پریس کلب سے احتجاجی ریلی نکالی اور فوارہ چوک میں مظاہرہ کیا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کسان بورڈ کے رہنماؤں چودھری امان اللہ چٹھہ اور شوکت علی پھلروان کا کہنا تھا کہ بھارت ایک مذموم سازش کے تحت آبی جارحیت کرتے ہوئے پاکستان کے دریاؤں کا پانی بند کرنے کی ناکام کوشش کر رہا ہے۔ بھارت کی یہ آبی جارحیت اقوام متحدہ اور ورلڈ بینک کے معاہدے کی خلاف ورزی ہے۔ پاکستان کا ہر کسان بھارت کی اس آبی جارحیت اور آبی دہشت گردی کو کسی صورت برداشت نہیں کریگا۔ پاکستان کے کسان اپنے پانی کا حق لینا جانتے ہیں پوری قوم کی طرح کسان بھی افواج پاکستان کے شانہ بشانہ ہیں اور اگر بھارت نے پاکستان کے کسی بھی علاقے پر حملہ یا جنگ کی کوشش کی تو پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ مکمل دشمن بھارت کو اس کا منہ توڑ جواب دیگی۔ ڈسٹرکٹ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کسان بورڈ کے رہنماؤں کا کہنا تھا کہ بھارت اپنے ملک اور کشمیر میں جو بھی دہشت گردی کرتا ہے اس کا بے بنیاد الزام پاکستان پر لگا دیتا ہے جو کہ سراسر زیادتی ہے۔ پاکستان کسی بھی دہشت گردی میں ملوث نہیں لیکن اب بھارت نے پہلگام واقعہ کا بہانہ بنا کر بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے سندھ طاس کو معطل کرنے کا اعلان کیا ہے جس کی ہم بھرپور مذمت کرتے ہیں اور بھارت کی اس گھناؤنی سازش اور غیر قانونی اقدام کو کسی صورت بھی پورا نہیں ہونے دیا جائیگا۔ انکا کہنا تھا کہ اگر ضرورت پڑی تو پاکستان کسان اپنے حکومتی اداروں کے ساتھ مکمل اقوام متحدہ اور ورلڈ بینک کو بھی ساری صورتحال سے آگاہ کرینگے۔

پاکستان کسان اتحاد کے زیر اہتمام جنڈیالی بنگلہ میں بھارتی جارحیت کے خلاف ریلی نکالی گئی

ریلی کے شرکاء نے پاک فوج کے حق میں اور بھارت کے خلاف نعرے بازی کی



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) پاکستان کسان اتحاد کے زیر اہتمام جنڈیالی بنگلہ میں بھارتی جارحیت کے خلاف ریلی نکالی گئی، ریلی کے شرکاء نے پاک فوج کے حق میں اور بھارت کے خلاف نعرے بازی کی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کسان اتحاد کے زیر اہتمام میاں چنوں کے نواحی علاقے جنڈیالی بنگلہ میں ایک بھرپور ریلی نکالی گئی، ریلی میں شریک افراد نے ہاتھوں میں بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر "پاک فوج قدم بڑھاؤ ہم تمہارے ساتھ ہیں" جیسے نعرے درج تھے، ریلی کی قیادت کرتے ہوئے پاکستان کسان اتحاد کے رہنماء صاحبزادہ میاں سجاد حسین نازش کا کہنا تھا کہ کہا کہ پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور بھارت کو ہر محاذ پر شکست کا سامنا کرنا پڑے گا، انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ پاکستان ہمیشہ زندہ باد رہے گا،

پاکستان دو قومی نظریہ کی بنیاد پر وجود میں آیا، ہم ایک قوم ہیں: علماء کرام

وزیر اعظم پاکستان نے پہلگام واقع کی عالمی سطح پر تحقیقات کرنے کا جو عندیہ دیا ہے، اس سے بھارت بوکھلاہٹ کا شکار ہے



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) پاکستان دو قومی نظریہ کی بنیاد پر وجود میں آیا، ہم ایک قوم ہیں، نظریہ پاکستان ہی پاکستان کی بقاء کا ضامن ہے۔ علماء کرام منبر و محراب کے ذریعے پاکستان میں قومی یکجہتی، امن، مذہبی ہم آہنگی اور ملکی وحدت کو پیدا کرنے میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں۔ وزیر اعظم پاکستان نے پہلگام واقع کی عالمی سطح پر تحقیقات کرنے کا جو عندیہ دیا ہے، اس سے بھارت بوکھلاہٹ کا شکار ہے بھارت نے اگر کسی قسم کی جارحیت مسلط کی تو پوری قوم اپنے سپہ سالار جنرل عاصم منیر کی قیادت میں بھارت کو منہ توڑ جواب دے کی دنیا جانتی ہے کہ پہلگام حملہ جھوٹ کی پلندہ اور مودی حکومت کی چال ہے، جس کی ہم پرزور مذمت کرتے ہیں حکومت پاکستان نے قومی سلامتی کے اجلاس میں بھارت کے حوالے سے جو فیصلے کئے وہ پوری قوم کی آواز ہے چناب کلب فیصل آباد میں منعقدہ قومی یکجہتی کانفرنس سے چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد اور دیگر مسالک کے علماء کرام کا خطاب۔ چناب کلب فیصل آباد میں قومی یکجہتی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر فیصل آباد میجر (ر) عامر رضا، ڈپٹی کمشنر فیصل آباد کیپٹن (ر) ندیم ناصر، جھنگ کوپریٹو سٹی چیئرمین کے ڈپٹی کمشنر زبی پی او بلال عمر، اضلاع کے ڈی پی اوز سمیت مختلف مکاتب فکر کے جید علماء، مشائخ، شاہد عبید، قاضی عبدالغفار قادری، علامہ محمد رشید ترابی، مفتی اسحاق ساقی، علامہ کاظم رضا نقوی، مولانا عبدالوہاب روپڑی، مفتی ڈاکٹر مختار احمد ندیم، مفتی شفیق اعوان، مولانا عبدالستار نیازی، مفتی صالح محمد راشدی، علامہ میر آصف اکبر قادری، مفتی عبید اللہ قادری، فیصل آباد سے مولانا زاہد محمود قاسمی، مولانا امجد، مفتی عبدالمعید اسد لدھیانوی، مولانا ضیاء مدنی، علامہ محمد ریاض کھرل، مولانا شبیر آئین شیرازی، مولانا محمد اسلم ساقی، مولانا محمد یوسف، مولانا محمد عبدالغفار، مولانا سکندر حیات زکی کے علاوہ ڈویژن، ڈسٹرکٹ و تحصیل امن کمیٹیوں سے تعلق رکھنے والے تمام

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پاکستان اور بھارت کے لیڈروں میں بیان بازی کا مقابلہ

لگتا ہے کہ پہلگام سانحہ کے بعد بھارت اور پاکستان کے لیڈروں کے درمیان بیان بازی کا مقابلہ ہو رہا ہے اور وہ اشتعال انگیز بیانات سے ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس ماحول میں وزیراعظم شہباز شریف کا یہ موقف متناسب اور معقول ہے کہ اگر ہمسایہ ملک کو پاکستان پر شبہ ہے تو کسی غیر جانبدار فورم سے اس واقعہ کی تحقیقات کرا لی جائیں۔ پاکستان اس میں تعاون کرے گا۔ شہباز شریف نے یہ بات کاکول میں پاسنگ آؤٹ پریڈ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مشرقی پڑوسی نے بغیر تحقیقات اور قابل تصدیق شواہد پاکستان پر بے بنیاد الزامات لگائے ہیں۔ پہلگام سانحہ کے بعد الزامات کا سلسلہ بند ہونا چاہیے۔ ذمہ دار ملک کی حیثیت سے پاکستان غیر جانبدار، شفاف اور معتبر تحقیقات میں تعاون کے لیے تیار ہے۔ پاکستان کی مسلح افواج ملک کی سرحدوں کا دفاع کرنے کے لیے تیار ہیں اور اس حوالے سے کسی غلط فہمی میں نہ رہا جائے۔ اگر انڈیا نے سندھ طاس معاہدہ معطل کر کے پاکستان کا پانی روکنے کی کوشش کی گئی تو اس کا بھرپور طاقت سے جواب دیا جائے گا۔ پانی ہماری لائف لائن ہے اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا اور ایسی کوششوں کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ پاکستانی وزیراعظم کا یہ بیان حکومت اور فوج کی پوزیشن کو واضح کرتا ہے۔ یوں تو اس کا دوٹوک اعلان قومی سلامتی کمیٹی کے اعلامیے اور بعد میں سینیٹ کی قرارداد میں بھی ہو گیا تھا۔ پاکستان نے بھارت کے یک طرفہ اقدامات کا جواب دینے کے علاوہ دہشت گردی سے لاتعلقی کا اعلان کیا ہے۔ تاہم اب شہباز شریف نے ایک قدم آگے بڑھاتے ہوئے پہلگام سانحہ کی تحقیقات میں تعاون کرنے کا اعلان کیا ہے۔ دونوں ملکوں کو ایک دوسرے کو للکارنے اور الزامات عائد کرنے اور نفرت بڑھانے کی بجائے ٹھنڈے دل و دماغ سے حالات کا جائزہ لے کر باہمی تعاون کے فروغ کے لیے کام کی ضرورت ہے۔ اگرچہ اس وقت سیاسی مقاصد کے لیے ایک المناک سانحہ کو ہتھکنڈے کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے لیکن جلد یا بدیر دونوں ملکوں کو احساس ہو جائے گا کہ یہ حکمت عملی اچھے ہمسایوں اور جوہری صلاحیت کے حامل ملکوں کے درمیان مناسب نہیں ہے۔ تحقیقات کے بارے میں وزیراعظم کے بیان کی وضاحت وزیر داخلہ محسن نقوی نے لاہور میں منعقد ایک پریس کانفرنس میں بھی کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کوئی بھی نیوٹرل لوگ اس واقعے کی انکوائری کرتے ہیں تو پاکستان اس میں بھرپور تعاون کرے گا۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس ڈرامے کو بے نقاب کریں اور اصل حقائق سامنے آئیں۔ پہلگام واقعے میں پاکستان کا براہ راست یا بالواسطہ کسی بھی قسم کو کوئی تعلق نہیں ہے۔ لیکن بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے واقعات میں بھارت کے ملوث ہونے کے ٹھوس ثبوت ہمارے پاس موجود ہیں۔ پاکستان پُرامن ملک ہے۔ اگر ہمارے کسی حق کو دبانے کی کوشش کی گئی تو 24 کروڑ لوگ آخری دم تک لڑیں گے۔ وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ 'بھارت میں واقعے کی انکوائری کے ساتھ ہم جعفر ایکسپریس حملے کی بھی غیر جانبدارانہ انکوائری کا مطالبہ کرتے ہیں تاکہ دنیا کو پتا چلے کہ اس میں کون ملوث تھا'۔ ہم تمام ثبوت اس انکوائری کمیٹی کو دیں گے اور وہ دنیا دیکھے کہ کس طریقے سے ہدایت آ رہی تھیں کہ لوگوں کو مارو۔ کس طریقے سے کہا جا رہا تھا کہ تصویریں بھیجو۔ یہ سارے شواہد ہمارے پاس ہیں۔ ایک مثبت تجویز کے ساتھ بھارت کی طرح پاکستانی لیڈر بھی للکارنے اور جذباتی باتوں سے اپنے لوگوں کے دلوں کو گرمانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ وزیر داخلہ کے بیان میں بھی اس کی علامات موجود ہیں۔ دونوں طرف سے متعدد لیڈروں نے ایسے اشتعال انگیز بیانات دیے ہیں جن کا حقیقی صورت حال اور واقعات کی ترتیب سے تعلق قائم کرنا مشکل ہے۔ لیکن عوام میں تائید حاصل کرنے کی خواہش دونوں طرف غالب دکھائی دیتی ہے۔ ایسے میں یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ اگر بھارت کسی ثبوت کے بغیر پاکستان پر پہلگام میں ملوث ہونے کا الزام عائد کر رہا ہے تو پاکستان کے پاس بھی اپنے اس الزام کے لیے کوئی شواہد موجود نہیں ہیں کہ یہ 'فالس فلیگ آپریشن' تھا۔ یعنی بھارتی حکام کی ملی بھگت سے یہ وقوعہ ہوا تاکہ پاکستان پر الزام لگا کر اس کا سیاسی فائدہ اٹھایا جا سکے۔ دیکھا جا سکتا ہے کہ بھارت کو مقبوضہ کشمیر میں امن کا فائدہ ہے۔ وہ خود اس امن کو ختم کرنے، اس خطے کی ترقی پذیر معیشت کو تباہ کرنے اور سکیورٹی کے بارے میں شبہات پیدا کرنے کا خطرہ مول نہیں لے سکتا۔ البتہ ایک سانحہ رونما ہونے کے بعد پاکستان کو آسان ٹارگٹ سمجھ کر الزام تراشی شروع کر دی گئی تاکہ بھارتی عوام اور ماہرین کو سکیورٹی کی صریحاً ناکامی پر سوال اٹھانے کا موقع نہ ملے۔ پاکستان پر الزام لگا کر درحقیقت بھارتی حکومت اپنی ناکامی پر پردہ ڈالنے اور بدحواسی چھپانے کی کوشش کر رہی ہے۔ پاکستان نے جوابی وار کے طور پر فالس فلیگ آپریشن کا ہتھکنڈا اختیار کیا ہے لیکن یہ طریقہ ایک ایسے ملک کے عوام کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے جو ایک اندوہناک سانحہ سے دوچار ہوئے ہیں اور اس خوف سے باہر نکلنے اور سیکورٹی فورسز اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کی ناکامی کو سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پاکستان کو درحقیقت بھارتی حکومت پر ایسا سانحہ اسٹیج کرنے کا الزام لگانے کی بجائے یہ واضح کرنا چاہیے تھا کہ بھارتی حکومت پاکستان پر الزام کے ذریعے خود اپنی ناکامی پر پردہ ڈال رہی ہے۔

تحریر: الم نگار

پہلگام کا افسوس ناک واقعہ ہوا۔ کئی لوگ اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ جیسا کہ توقع تھی اس کے بعد نہ صرف سندھ طاس معاہدے کو معطل کر دیا گیا بلکہ بیانات کی جنگ کا آغاز بھی ہو گیا۔ مودی صاحب کی سرکار تو ایک طرف رہی بھارتی میڈیا نے جنگ کی آگ بھڑکانے کی بھرپور کوششیں شروع کر دیں۔ یوٹیوب پر کوئی پروگرام سن لو بس یہی راگ الاپا جا رہا ہے کہ حملہ کر دو ان کو مزا چکھا دو۔ خالی بیانات کافی نہیں ذرا کچھ بم گراؤ؟ تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے۔ ابھی تک بھارت نے راکٹ کیوں نہیں چلائے۔ ہماری حکومت کیا کر رہی ہے؟ پاکستانی میڈیا پر بھی کچھ ایسے تبصرے سننے کو ملے۔ کہ بھول گئے کہ ہم نے تمہارا ایک جہاز گرایا تھا۔ ابی نندن یاد ہے کہ نہیں۔ ہم منہ توڑ جواب دیں گے۔ دھول چٹا دیں گے وغیرہ وغیرہ۔ بدقسمتی سے ہم اس دور میں جی رہے ہیں جب لیڈر بھی اپنے فیصلے سوشل میڈیا کے زیر اثر کرتے ہیں۔

اس ماحول میں جب کہ تلواریں میان میں تڑپ رہی ہیں، امن اور ہوش مندی کی بات کرنا اپنے آپ کو طرفین کی تیر اندازی کے سامنے رکھ دینے کے مترادف ہے۔ لیکن دونوں ملکوں میں کسی نے ہوش اور عقل کی بات بھی کرنی ہے۔ بندہ پرور پہلے یہ تو سمجھیں کہ جنگ کیا ہوتی ہے؟ اور اس دور میں جب کہ دونوں ملک ایٹم بم تیار کر کے بیٹھے ہیں جنگ کے کیا نتائج مرتب ہو سکتے ہیں؟ کیا محدود حملے محدود ہی رہ رہے ہیں گے یا پھر بھرپور جنگ میں تبدیل ہو جائیں گے۔ اس بھرپور جنگ کا نتیجہ کیا ہوگا؟

دونوں ملک میں موجود نفسیات کو سمجھنے کے لئے ہم تاریخ سے بھی مدد لے سکتے ہیں۔ آخر یہ تاریخ میں پہلی مرتبہ تو نہیں کہ ایسے حالات پیدا ہو رہے ہیں کہ جوش میں ہوش کا دامن ہاتھ سے چھوٹا جا رہا ہے 1861 میں امریکہ کی جنوبی اور شمالی ریاستوں میں خانہ جنگی کا آغاز ہوا۔ مسئلہ یہ تھا کہ غلام رکھنے کی اجازت ہونی چاہیے کہ نہیں۔ جنوبی امریکہ والے بڑے بڑے زمیندار تھے۔ کپاس کی کاشت کے لئے انہیں غلاموں کی ایک فوج کی ضرورت رہتی تھی۔ شمالی امریکہ والے غلامی پر پابندی لگانا چاہتے تھے جو جنوب والوں کو گوارا نہیں تھی۔ مشہور ناول گون وود دی وِنڈ (Gone with the wind) میں اس دور کے ماحول کا خوب نقشہ کھینچا گیا ہے۔

ناول کے شروع میں یہ منظر بیان کیا گیا ہے کہ کس طرح جنوبی ریاستوں کے امرا اور ان کے بانکے نوجوان ایک دعوت میں خوش گپیوں میں مصروف ہیں کہ اب جنگ ہو گی اور ہم شمالی ریاستوں کو مزا چکھا دیں گے۔ پھر ہنستے ہوئے کہتے ہیں یہ نہ ہو شمالی ریاستیں ہم سے اتنا ڈر جائیں کہ جنگ ہی شروع نہ کر پائیں۔ سارا مزا ہی خراب ہو جائے۔ دو بھائی جنہیں تیسری مرتبہ کسی یونیورسٹی سے نکال باہر کیا گیا تھا ڈینگیں مار رہے ہیں کہ ہم کس طرح یونیورسٹی میں بیٹھے رہتے۔ اب تو جنگ شروع ہونے والی ہے ہم تو جنگ میں جا کر اپنا شوق پورا کریں گے۔ ایک اور بانکا کہتا ہے کہ میں تو جنگ شروع ہوتے ہی محاذ کی طرف چلا جاؤں گا یہ نہ ہو کہ میرے وہاں جانے سے پہلے ہی ہم جنگ جیت جائیں اور میں اس تفریح سے محروم رہ جاؤں۔

اس ہاہا کار میں ایک عقلمند جو کہ دلیری کی شہرت رکھتا ہے کہتا ہے ہمیں اتنا مشتعل نہیں ہونا چاہیے۔ جنگ نہ ہی ہو تو بہتر ہے۔ دنیا میں اکثر المیوں کی بنیاد جنگوں میں ہی پڑتی ہے۔ اور جب جنگ ختم ہو گی تو کسی کو یہ علم نہیں ہوتا کہ یہ جنگ شروع کس مسئلہ پر ہوئی تھی۔ بس یہ کہنے کی دیر تھی ناراضگی کا ایک شور و غوغا بلند ہوتا ہے۔ یہ کیا بزدلی کی بات کر رہا ہے۔ ہم مزا چکھا دیں گے شمال والوں کو۔ اس دعوت میں ایک بوڑھا بھی بیٹھا ہوا تھا جس نے صرف ڈرائینگ روم میں بیٹھ کر گپیں نہیں ماری تھیں بلکہ ایک سے زائد جنگوں میں خود شریک بھی ہوا تھا۔ اور اب اونچا سننے لگا تھا۔ وہ کہتا ہے کہ کیا باتیں کر رہے ہو؟ ایک لڑکی اس کے کان میں بلند آواز سے کہتی ہے کہ یہ لوگ جنگ کی باتیں کر رہے ہیں۔ یہ لوگ شمالی امریکہ والوں سے جنگ کرنا چاہتے ہیں۔ اس پر یہ جہاں دیدہ بوڑھا کہتا ہے اے آگ اگلنے والے نوجوانوں تمہیں پتہ نہیں کہ جنگ کیا چیز ہوتی ہے۔ میں بعض جنگیں لڑ چکا ہوں۔ پہلے میں ایک جنگ میں شامل ہوا اور پھر میں اتنا بیوقوف تھا کہ میکسیکو کی جنگ میں بھی شامل ہونے کے لئے چلا گیا۔ تمہارا خیال ہے جنگ کا مطلب ہے کہ تم خوبصورت گھوڑوں پر سوار ہو کر جاؤ گے اور لڑکیاں تم پر پھول پھینک رہی ہوں گی اور تم ہیرو بن کر گھر واپس آؤ گے۔ ایسا کچھ نہیں ہوتا۔ جنگ کا مطلب ہے بھوکا رہنا۔ اس کا مطلب ہے گیلی زمین پر سونے سے خسرہ اور نمونیا کا مریض بننا۔ اور اگر تم خسرہ اور نمونیا سے بچ گئے تو اسہال کا شکار ہو جاؤ گے۔ جی جناب جنگ کا مطلب ہے کہ تم پیچش اور اس جیسے دوسری بیماریوں کے مریض بنو گے۔

یہ جملہ حقائق سننے کے بعد وہ خواتین جو کہ اب تک نام نہاد سورما و جنگ کی لاف و گزاف بڑی توجہ سے سن رہی تھیں ایک بے یقینی کا شکار ہو رہی تھیں۔ ان کے چہرے شرم سے تمتما رہے تھے۔ اب دوبارہ مرد اپنی زبانی کلامی شمشیر زنی شروع کر رہے تھے۔



غزل

ہم نے کیا ہے کب ترا انکار خواہ مخواہ
پھرتے ہیں آپ بر سر پیکار خواہ مخواہ
دربان ہیں تو کاٹ کے کھانے کو منتظر
پالے ہوئے ہیں آپ نے دو چار خواہ مخواہ
سرداریوں کے اور بھی کچھ ہیں لوازمات
تم نے پہن رکھی ہے یہ دستار خواہ مخواہ
دمساز اور دم کی لڑائی میں دم بہ دم
لٹکا ہوا ہے مفت میں بیمار خواہ مخواہ
ہم تو چلے تھے جانب منزل خوشی خوشی
حائل سی ہو گئی کوئی دیوار خواہ مخواہ
تعویز کر رہے تھے محبت کا شعر میں
چھپوا دیئے گئے یونہی اخبار خواہ مخواہ
اک عمر ان سوال و جوابات میں کٹی
محسن کا بیمار ہے آثار خواہ مخواہ

سید شاہد محسن لاہور

پاک بھارت تنازعہ اور ایک ناول کا منظر

''اِشپاتا'' کیلاش لوگوں کے بارے میں اُستاد محمد عنایت اللہ سے ایک گفتگو (1)

تحریر: شاہد لطیف

چترال اور کیلاشی وادیاں

جون 2022 میں گھر والوں کے ساتھ چترال جانے کا اتفاق ہوا۔ کوئی چترال جائے اور کیلاش وادیوں میں نہ جائے بھلا یہ کس طرح ہو سکتا ہے! ہم لوگ بھی تینوں وادیوں: رَمبُور، بریر اور بمبُوریت گئے۔ وادی؟ بمبوریت میں واقع عجائب گھر بھی دیکھنے گئے۔ ٹکٹ لیتے ہوئے وہاں کیلاشی تہذیب و ثقافت پر ایک کتاب ''اِشپاتا'' دستیاب تھی جو میں نے بخوشی خریدی۔ وہاں پڑھنے کا موقع نہیں ملا البتہ واپس آ کر پڑھی تو بے حد دلچسپ لگی۔ اگلے ہی روز کتاب کے ناشر فیض کتاب گھر نیو بازار، چترال سے فون پر رابطہ کیا کہ مصنف نے بہت بڑا کام کیا ہے۔ میں اِن کا انٹرویو کرنا چاہتا ہوں۔ یوں کتاب کے مصنف اُستادِ محترم کیلاش وادی رمبور اور بمبوریت میں سرکاری اسکول میں مدرس تھے اور نہایت عرق ریزی سے وہاں رہ کر ایک ایک چیز کا مشاہدہ کیا تب کہیں جا کر کئی سالوں میں یہ کتاب لکھی گئی۔ استادِ موصوف سے جہاں اور بہت سے سوالات میرے ذہن میں تھے ایک یہ بھی تھا کہ انہوں نے یہ کتاب ''اِشپاتا'' کیوں لکھی؟ اُستاد محمد عنایت اللہ صاحب کی بات چیت پیشِ خدمت ہے:

''آپ تدریس کے شعبہ میں کیسے آئے؟''۔

''جب میں نے بی اے کیا تو میرے والد ایک سیاسی پارٹی کے لیڈر تھے۔ اُن کی خواہش تھی کہ میں اُس پارٹی کے مرکز میں رہوں۔ اُن کے حکم پر میں نے جماعت اسلامی کے مرکز منصورہ، لاہور میں چھ سال شعبہ اطلاعات میں کام کیا۔ سرکاری ملازمت حاصل کرنے کی عمر کی حد میں میرے پاس محض ڈھائی مہینے رہ گئے تھے۔ میری ملازمت قدرت کو منظور تھی۔ میں نے تعلیم کے شعبے میں درخواست دی اور مجھے ملازمت مل گئی۔ میری پہلی تقرری وادی بریر میں ہوئی۔ یہ کیلاش وادیوں میں ایک پسماندہ وادی ہے۔ وہاں اسکول جا کر میں نے تدریس شروع کر دی''۔ ''کیا شعبہ تدریس آپ نے اپنی مرضی سے منتخب کیا تھا یا کسی نے کہا کہ ایسا کرو''۔

''یہ میں نے خوشی سے کیا۔ مجھے اس کے بعد اور بھی ملازمتوں کی پیشکش ہوئی جیسے آغا خان فاؤنڈیشن، جس کا اُس وقت یہاں آغاز تھا۔ چترال کا ڈپٹی کمشنر اس فاؤنڈیشن کا سربراہ تھا جو میرا ذاتی دوست بھی تھا۔ اُن کے ساتھ چترال میں آسٹریلیا اور برطانیہ کے سفیر آئے۔ دوست نے نظر کو خیرہ کرنے والی نئی نئی گاڑیوں کی چابیاں میرے سامنے رکھ دیں اور کہا کہ اب تم یہ تدریس کا کام چھوڑ دو۔ تمہیں اس سرکاری کام کے 900 روپے ہی تو ملتے ہیں۔ یہ گاڑی لو اور اس فاؤنڈیشن میں سوشل افسر بن جاؤ؟! میں نے کہا کہ نہیں! مجھے اُستاد ہونا اور پڑھانا بہت پسند ہے۔ آخرکار وہ دوست غصہ ہو گیا۔ پوچھنے لگا کہ تمہیں اسکول مدرس بن کر کیا فائدہ ہے؟ میں نے جواب دیا کہ اگر میں اس وادی کے بچوں کو تعلیم دینے میں کامیاب رہا تو یہ میری زندگی کا انتہائی قیمتی سرمایہ ہو گا۔ اور یہ قوم مجھے یاد رکھے گی۔ لہٰذا میں نے اس کو ترجیح دی۔ وہ گاڑی 25,000/ روپے تنخواہ، 1988ء میں بہت بڑی بات تھی، میں نے منظور نہیں کی۔ میں نے تعلیم و تدریس کو ترجیح دی اور الحمدللہ آج یہ قوم مجھ سے محبت کرتی ہے۔ یہ ہی میری زندگی کا سرمایہ ہے''۔

''پہلی سرکاری تعیناتی کہاں ہوئی؟''

''میری پہلی تعیناتی وادی بریر میں ہوئی''

''اس وادی میں پہلے دِن اسکول جانا کیسا لگا؟''

''1988ء کی بات تھی۔ اُس وقت تو بہت پسماندگی تھی۔ پہلے ہی دن میں جن گھروں میں گیا وہاں چائے کی پیشکش ہوئی میرا دل وہ برداشت نہیں کر سکا۔ کیوں نہیں کر سکا؟ یہ بات راز میں رہنا چاہیے۔ میرے ساتھ ایک مقامی اُستاد بھی تھے۔ میں نے اُن سے کہا کہ میں تو یہاں ایک گھنٹہ بھی نہیں رہ سکتا! اُنہوں نے کہا کہ تم کہاں کے ایسے باسی ہو جاؤ گے کہ پھر اس کو چھوڑ نا نہیں چاہو گے۔ بہرحال میں نے صورتِ حال کا مقابلہ کیا اور ذہن کو بنایا۔ پھر میں وہاں مقامیوں کی طرح رہا۔ میرے ذہن اور خیالات کے سامنے کوئی رُکاوٹ نہیں تھی۔ وہاں تو محبت ہی محبت تھی۔ کیلاشی لوگوں کے ساتھ میں نے بھی دل کھول کے صدقِ دل سے محبت کی۔ اپنا مطلب نکالنے کے لئے نہیں!''۔

''بریر کے اسکول میں کتنے اساتذہ تھے؟''

''وہاں باہر سے آئے ہم تین اساتذہ تھے! ایک سوات سے اور دو چترال سے۔ باقی اساتذہ آیون اور دیگر قریبی علاقوں سے روزانہ پڑھانے آتے تھے''۔

''اُس وقت طلباء کی تعداد کتنی تھی؟''

''50 طلباء تھے۔ وہ نیا مڈل اسکول تھا اور ہم بھی نئے اساتذہ تھے۔ میں وادی کے گھروں میں گیا۔ وہاں یہ بات عام تھی کہ بچوں کے والدین اسکول ٹائم میں بچوں کو لینے آتے تاکہ بچے اُن کی بکریوں کو چرانے پہاڑوں پر لے کر جائیں۔ ہم منع کرتے لیکن انہیں تعلیم سے کوئی لگاؤ؟ نہیں تھا۔ بہرحال ہم نے ہمت نہیں ہاری۔ میں گھر گھر گیا۔ ہر ایک کی بہت زیادہ تعریف کی اور بچوں کو میں اسکول میں لے آیا اور یہ تعداد 85 تک ہو گئی۔

انسانیت کی دہلیز پر معاہدوں کی پامالی

تحریر: ایس اے عدیل

دنیا جدیدیت، ترقی اور سائنسی ایجادات کی بلندیوں کو چھو رہی ہے، مگر افسوس کہ انسانیت آج بھی تعصب، نفرت اور جنگی جنون کی دلدل میں دھنس چکی ہے۔ ہم ایک ایسے دور میں جی رہے ہیں جہاں ایٹمی ہتھیاروں کے سائے میں امن کی فاختائیں بے چین اور معاہدے محض کاغذی کارروائیاں بن چکے ہیں۔ حالیہ دنوں میں سندھ طاس سمیت دیگر تاریخی معاہدوں کی منسوخی نے نہ صرف جنوبی ایشیا بلکہ پوری دنیا کو خطرے کی گھنٹی سنا دی ہے۔

یہ معاہدے دو ایٹمی طاقتوں کے درمیان کسی حد تک توازن، گفت و شنید اور انسانیت کے بقا کی امید کا استعارہ تھے۔ مگر جب ایسی دستاویزات کو پاؤں تلے روندا جاتا ہے تو یہ عمل کسی ایک قوم کا نقصان نہیں بلکہ انسانیت کا اجتماعی زوال بن جاتا ہے۔

زمانہ جاہلیت میں کنوؤں اور چراگاہوں کے لیے لڑائیاں ہوا کرتی تھیں، آج پانی جیسا قیمتی سرمایہ جنگ کا نیا محاذ بن چکا ہے۔ دریاؤں کا بہاؤ صرف پانی نہیں، بلکہ انسانی زندگی، ماحولیات اور آنے والی نسلوں کی بقا کا ذریعہ ہے۔ جب ایک قوم دوسرے کی قدرتی دولت کو قابو میں لانے کی کوشش کرتی ہے تو یہ نہ صرف اخلاقی بددیانتی بلکہ عالمی امن کے اصولوں سے انحراف ہوتا ہے۔

ہم دیکھتے ہیں کہ جب بھی #عالمی سطح پر انسانیت کی بات ہوتی ہے، چند قومیں طاقت کے نشے میں چور ہو کر جنگی طبل بجا دیتی ہیں۔ وہ اقوام جو اپنے داخلی مسائل، غربت، پسماندگی اور ناانصافی کو چھپانے کے لیے بیرونی دشمن تراشتی ہیں، وہ درحقیقت انسانیت کی دشمنی کا ارتکاب کر رہی ہوتی ہیں۔ آج ضرورت ہے کہ عالمی برادری ان معاہدوں کی منسوخی کو صرف سیاسی مسئلہ نہ سمجھے بلکہ اسے انسانی حقوق، بین الاقوامی قانون اور عالمی امن کے تناظر میں دیکھے۔ ہمیں یہ تسلیم کرنا ہوگا یہ سب انسانوں کی مشترکہ وراثت ہے۔ جب تک ہم انسان کو انسان نہیں سمجھیں گے، جب تک کسی عام آدمی کو عام طریقے سے جینے کا حق نہیں ملے گا، تب تک نہ امن ممکن ہے اور نہ ترقی۔ معاہدے ٹوٹ سکتے ہیں، لیکن انسانیت کا رشتہ نہ ٹوٹنے والا ہونا چاہیے۔

آج وقت ہے کہ ہم سب مل کر انسانیت کے تحفظ، امن کے فروغ اور #قدرتی وسائل کی منصفانہ تقسیم کے لیے آواز بلند کریں۔ ورنہ تاریخ ہمیں اسی طرح یاد رکھے گی جیسے ہم نے جاہلیت کے دور کو یاد رکھا ہے — بطور عبرت، نہ کہ فخر۔

پاکستان میں ججز کی تقرری اور احتساب کا نظام

تحریر۔ سید خالد جاوید بخاری

پاکستان میں ججز کی تقرری اور احتساب کا نظام: موجودہ صورت حال اور ضروری اصلاحات

تمہید پاکستان میں عدلیہ کو آئین میں ریاست کے ایک آزاد ستون کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔ ججز کو وسیع اختیارات حاصل ہیں جن میں قوانین کی تشریح، حکومتی اقدامات کی آئینی حیثیت کا جائزہ، اور بنیادی حقوق کا تحفظ شامل ہے۔ تاہم، ججز کی تقرری اور احتساب کے موجودہ نظام میں سنگین خامیاں ہیں جو عدلیہ کی ساکھ اور کارکردگی پر سوال اٹھاتی ہیں۔

پاکستان میں ججز کی تقرری کا موجودہ طریقہ

پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 175-A کے تحت سپریم کورٹ، ہائی کورٹس اور فیڈرل شریعت کورٹ کے ججز کی تقرری کے لیے جوڈیشل کمیشن آف پاکستان (JCP) قائم ہے۔ جوڈیشل کمیشن چیف جسٹس آف پاکستان کی سربراہی میں کام کرتا ہے۔ یہ کمیشن امیدواروں کا انتخاب کرتا ہے اور پھر سفارشات کو پارلیمانی کمیٹی کے سامنے پیش کرتا ہے۔ پارلیمانی کمیٹی ان سفارشات کی منظوری یا مسترد کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔ صدر مملکت باضابطہ طور پر تقرری کرتے ہیں۔

ججز کے احتساب کا موجودہ نظام

آئین کا آرٹیکل 209 سپریم جوڈیشل کونسل (SJC) کا قیام عمل میں لاتا ہے، جس کا مقصد اعلیٰ عدلیہ کے ججز کے خلاف بدعنوانی، بددیانتی یا نااہلی کے الزامات کی تحقیقات کرنا ہے۔ سپریم جوڈیشل کونسل میں چیف جسٹس آف پاکستان، دو سینئر ترین سپریم کورٹ ججز، اور دو سینئر ترین ہائی کورٹ چیف جسٹسز شامل ہوتے ہیں۔ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ ججز کی نامزدگی پر سخت سماعتوں کے ذریعے ہوتی ہے۔ ججز کے خلاف مواخذہ (Impeachment) کی کارروائی امریکی ایوانِ نمائندگان (House of Representatives) میں ہوتی ہے، اور سزا یا برطرفی کا فیصلہ سینیٹ کرتی ہے۔ مواخذے کی کارروائی مکمل طور پر عوامی ہوتی ہے اور اس پر میڈیا کی کھلی کوریج ہوتی ہے۔ پاکستان میں درپیش مسائل 1. شفافیت کا فقدان: تقرری اور احتساب کے عمل میں عوامی سطح پر شفافیت کا شدید فقدان ہے۔ 2. جوڈیشل کمیشن میں اختیارات کا ارتکاز: چیف جسٹس کی مرضی کو اکثر فیصلہ کن حیثیت حاصل ہو جاتی ہے، جس سے اختیارات کا عدم توازن پیدا ہوتا ہے۔ 3. سپریم جوڈیشل کونسل کی غیر مؤثر کارکردگی: بہت کم مقدمات پر کارروائی ہوئی ہے اور کئی شکایات بغیر نتیجہ چھوڑ دی جاتی ہیں۔ 4. سیاسی اثرات: عدلیہ کے بعض فیصلے سیاسی اثر و رسوخ کا تاثر دیتے ہیں، جو عدالتی آزادی پر سوالیہ نشان بناتا ہے۔



ضروری اصلاحات

1. تقریری عمل میں کھلی سماعتوں کا انعقاد: سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ ججز کی نامزدگی پر پارلیمانی سماعتیں (Hearings Public) منعقد کی جائیں، جیسا کہ امریکہ میں ہوتا ہے۔ امیدواروں کے علمی، اخلاقی اور پیشہ ورانہ ریکارڈ پر کھلی بحث ہو۔

2. پارلیمانی کمیٹی کو مؤثر بنانا: پارلیمانی کمیٹی کو تقرریوں پر آزادانہ فیصلے کا اختیار دیا جائے، بغیر کسی جوڈیشل دباؤ کے۔

3. سپریم جوڈیشل کونسل میں اصلاحات: کونسل کے اجلاس خفیہ کے بجائے نیم عوامی کیے جائیں تاکہ کارروائی میں شفافیت آئے۔ کونسل کے اندر غیر جانبدار ماہرین قانون اور ریٹائرڈ ججز کو بھی شامل کیا جائے۔ 4. مواخذے کے نظام کو فعال بنانا: اگر جج پر بددیانتی یا نااہلی کے سنگین الزامات ہوں تو عوامی سماعت اور مواخذہ کے مراحل واضح کیے جائیں۔

الزام ثابت ہونے پر فوری معطلی اور مناسب کارروائی کا اہتمام ہو۔ 5 مقررہ مدت کے لیے ججز کی تقرری: مستقل مدت (مثلاً 10 یا 15 سال) کے لیے ججز کی تقرری پر غور کیا جائے تاکہ اختیارات کی زیادتی اور طاقت کے ارتکاز کو روکا جا سکے۔ 6 میڈیا اور سول سوسائٹی کی نگرانی: میڈیا اور سول سوسائٹی کو عدلیہ کی کارکردگی پر رائے زنی کی آزادی دی جائے، تاکہ احتساب عوامی دباؤ کے تحت بہتر ہو۔ پاکستان میں عدلیہ کا آزاد ہونا جمہوریت کی بقا کے لیے ضروری ہے، لیکن عدلیہ کی آزادی کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ججز احتساب سے بالاتر ہوں۔

شفاف، مؤثر اور غیر جانبدار احتساب کا نظام ہی عدلیہ کے وقار اور عوام کے اعتماد کو بحال کر سکتا ہے۔

موجودہ حالات میں آئینی اور قانونی اصلاحات ناگزیر ہیں تاکہ ایک ایسی عدلیہ وجود میں آئے جو نہ صرف آزاد ہو بلکہ خود بھی احتساب کے اصولوں پر کاربند ہو۔

صدارتی خطبہ حلقہ ارباب ذوق

تحریر: محمد حمید شاہد

حلقہ ارباب ذوق، اسلام آباد کے اس پروقار سالانہ اجلاس کے لیے صدارتی کلمات کے طور پر اپنی گزارشات پیش کرنا میرے لیے باعث شرف ہے۔ جو باتیں میں یہاں کرنے جا رہا ہوں لازم نہیں ہے کہ آپ اُن سے اتفاق کریں کہ وہ میرا نقطہ نظر ہیں، ہم جہاں ہوتے ہیں وہیں سے سامنے کا منظر نامہ دیکھ سکتے ہیں۔ حلقہ ارباب ذوق کی یہ مستحکم روایت اور اصول رہا ہے کہ اختلاف کا حق دینے پر اتفاق کیا جاتا ہے۔ اسی روایت کی پاسداری کی عطا ہے کہ اس فورم پر تنقید کے لیے پیش کی جانے والی تخلیقات پر ہر طرح کی آرا کا سامنے آنا معمول کا عمل ہو گیا ہے۔ یہ اصول حلقہ کے تنقیدی اجلاسوں میں پہلے دن سے ہی رواج نہیں پا گیا تھا ایک زمانے میں اختلاف رکھنے والوں کو حلقے سے بارہ پتھر باہر بھی کیا جاتا رہا ہے۔ تاہم حلقہ ہو یا کوئی اور تنظیم اس طرح کے مشکل مراحل سے گزر کر ہی مثبت روایات کی جانب بڑھ پاتے ہیں۔ مثلاً دیکھیے کہ منٹو جیسے تخلیقی ترقی پسند ادیب کو علی سردار جعفری جیسے نظریاتی ترقی پسند نے اپنی کتاب 'ترقی پسند ادب' میں 'غلاظت نگار' کہہ کر دھتکار دیا تھا۔ اس رویے سے منٹو کے اندر سے ترقی پسندی تو منہا نہیں ہوئی، وہ ترقی پسندوں سے فاصلے پر ہو گئے۔ اچھا، یہی منٹو جب حلقہ ارباب ذوق کے جلسوں میں تنقید کے لیے اپنا افسانہ پیش کرنے آتے تو حاضری غیر معمولی طور پر بڑھ جاتی تھی۔ جب انہوں نے اپنا افسانہ 'موذیل' تنقید کے لیے پیش کیا تھا تو ریکارڈ کے مطابق حاضری 187 تھی؛ کسی تنقیدی اجلاس میں اتنے لوگوں کا موجود ہونا کوئی کم اہم واقعہ نہیں ہے۔ لطف کی بات یہ کہ منٹو کی حلقے کی ممبر شپ کے لیے درخواست ان کی زندگی میں زیرِ غور نہ لائی گئی تھی؛ یہ درخواست ان کی موت کے بعد حلقے کی اس مجلس میں زیرِ غور آپائی جس کی صدارت انتظار حسین نے کی تھی۔ یوں بعد از وفات وہ حلقے کے ممبر بنا لیے گئے۔ اچھا، انہی انتظار حسین کا قصہ بھی سن لیجیے جو بعد میں حلقے کے سیکرٹری بنے تو اس کا مزاج بدل کر رکھ دیا تھا۔ یہ ذرا پہلے کا زمانہ تھا جب انتظار حسین کو 'انتشار پسند' قرار دے کر ان کی رکنیت ہی منسوخ کر دی گئی تھی؛ نہ صرف انہیں رکنیت سے ہاتھ دھونا پڑے ان جیسی 'انتشار پسندی' کے مرتکب عبادت بریلوی، وقار عظیم، مظفر علی سید اور ناصر کاظمی بھی نکالے گئے۔ انتظار حسین کو انتشار پسند قرار د



شادی شوبز میں نہیں کرنی تھی مگر قسمت کو کچھ اور منظور تھا، اقراء عزیز

یاسر حسین عمر میں مجھ سے بڑے ہیں لیکن شادی میں عمر سے زیادہ اہم چیز باہمی سمجھ بوجھ اور احترام ہے



کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) معروف اور خوبرو اداکارہ اقرا عزیز نے کہا ہے کہ ہمیشہ کم عمری میں شادی کرنے کی خواہش تھی اور یہ خواہش غیر متوقع طور پر پوری ہوگئی۔ اداکارہ اقرا عزیز نیا ایک انٹرویو میں کہا کہ وہ کبھی شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے کسی شخص سے شادی کا سوچ بھی نہیں سکتی تھیں مگر قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا اور انکی شادی یاسر حسین سے ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ اداکار و میزبان یاسر حسین عمر میں ان سے بڑے ہیں لیکن وہ سمجھتی ہیں کہ شادی میں عمر سے زیادہ اہم چیز باہمی سمجھ بوجھ اور احترام ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ شوبز کیساتھ ساتھ گھریلو زندگی کو بھی کامیابی سے مینج کرتی ہیں اور میاں بیوی دونوں ایک دوسرے کا مکمل خیال رکھتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک دوسرے کے جذبات کی قدر اور عزت ہی ایک مضبوط رشتے کی بنیاد ہے۔

پینیلوپ کروز نے میرے لیے جو کیا کبھی نہیں بھول سکتی، سلمی ہائیک

میرے خیال میں دوست روح کی غذا ہیں، آپ ایک دوسرے کی ہمت سے سیکھتے ہیں



میکسیکو (این این آئی) سلمی ہائیک نے کہا ہے کہ وہ پینیلوپ کروز کی ہمیشہ شکر گزار رہیں گی کہ انھوں نے ہالی ووڈ میں جگہ بنانے میں ان کی کافی مدد کی۔ ہالی ووڈ کی معروف اداکارہ نے اطالوی جریدے آئی او ڈونا کو انٹرویو دیتے ہوئے 58 سالہ اداکارہ نے ماضی کو یاد کرتے ہوئے بتایا کیا کہ میکسیکو سے تعلق رکھنے والی ایک نوآموز اداکارہ کے طور پر 1990 کی دہائی میں ہالی ووڈ میں جگہ بنانا ان کے لیے بہت مشکل تھا۔ سلمی ہائیک کا کہنا تھا کہ 1990 کی دہائی میں لاطینیوں کے لیے ہالی ووڈ میں کوئی کردار نہیں ہوتا تھا، اس وقت مجھے مواقع حاصل کرنے کیلیے بہت جدوجہد کرنا پڑی۔

رینہ سے علیحدگی کے وقت کاؤنسلنگ کے خلاف تھا، عامر خان



ممبئی (آئی این پی) بالی ووڈ کے سٹار اداکار عامر خان نے حالیہ انٹرویو میں اپنی پہلی بیوی رینا دتہ سے مشاورت (میریج کاؤنسلنگ) کے بارے میں اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔ انہوں نے بتایا کہ وہ اس وقت کسی اجنبی سے اپنے ذاتی جذبات اور تعلقات پر بات کرنے کے خیال سے ناخوش تھے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق عامر خان نے کہا، جب رینا اور میں الگ ہو رہے تھے تو ہم تقریباً ڈیڑھ سال تک ایک شادی مشیر کے پاس گئے تھے۔ مجھے یاد ہے کہ میں اس کے سخت خلاف تھا۔ میں نے رینا سے کہا، 'مجھے نہیں بولنا

پاک بھارت کشیدگی، ہانیہ عامر کی پوسٹ نے مداحوں کو غصہ دلا دیا



کراچی (آئی این پی) پہلگام واقعے کے بعد ہانیہ عامر نے اپنے انسٹاگرام پر ایک پوسٹ شیئر کی ہے جس کے بعد سے وہ شدید تنقید کی زد میں ہیں۔ پاک بھارت کشیدگی کے دوران ہانیہ عامر نے چکنی چمیلی پر اپنی پرفارمنس کی ویڈیو بھی شیئر کی، جو دراصل کترینہ کیف کا مشہور گانا ہے۔ مداحوں نے اس رویے کو سخت ناپسند کیا اور سوشل میڈیا پر تنقیدی تبصروں کی بھرمار ہوگئی۔

عشق میں ناکامی میری گنتی نہیں، میرا درد ہے' شروتی ہاسن

ممبئی (آئی این پی) بالی ووڈ کی بے باک اداکارہ شروتی ہاسن نے اپنے ناکام افیئرز کے متعلق کہا ہے کہ عشق میں ناکامی میری گنتی نہیں میرے دل کا درد ہے۔ اداکارہ اپنی نجی زندگی کے معاشقوں کے باعث بھی خبروں کی زینت بنتی رہتی ہیں۔ حال ہی میں ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ کچھ لوگوں کو انجانے میں دکھ پہنچایا ہے،

عمران اشرف کی طبیعت ناساز، مداحوں سے دعاؤں کی اپیل



کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار عمران اشرف کی طبیعت ناساز ہو گئی۔ اداکار عمران اشرف نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپلیکیشن انسٹاگرام کے اکاؤنٹ پر اپنی صحت سے متعلق مداحوں کے ساتھ اپ ڈیٹ شیئر کی ہے۔ اداکار نے اسٹوری شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ کچھ بہتر محسوس نہیں کر رہا ہوں۔

61 سالہ بریڈ پٹ تیسری شادی کرنے کے لیے تیار

نیویارک (این این آئی) دنیا بھر میں مشہور و معروف ہالی ووڈ سپر اسٹار بریڈ پٹ اپنی سے تقریباً آدھی عمر کی خاتون سے تیسری بار شادی کرنے کیلئے تیار ہیں۔ ہالی ووڈ کے 61 سالہ اداکار نے اپنی 32 سالہ گرل فرینڈ انیس ڈی رامون سے باقاعدہ منگنی کر لی ہے، بریڈ پٹ ایک بار پھر اپنی زندگی کے نئے باب کا آغاز کرنے کیلیے پرجوش ہیں اداکار حالیہ دنوں میں متواتر اپنی گرل فرینڈ کے ساتھ کئی مقامات پر بھی دیکھے گئے ہیں۔ مغربی میڈیا پر آنے والی خبروں کے مطابق بریڈ پٹ نے نیوزی لینڈ روانگی سے قبل اپنی منگیتر انیس ڈی رامون کو شادی کی پیشکش کی۔ بریڈ پٹ انجلینا جولی سے طویل اور تھکا دینے والی طلاق کے بعد پھر سے نئی زندگی شروع کرنے کے خواہشمند ہیں

ربیکا خان اور حسین ترین کی شادی کی تاریخ طے



کراچی (این این آئی) ربیکا خان اور حسین ترین کی شادی کی تاریخ طے ہوگئی، سوشل میڈیا پر تقریب کی خوبصورت تصویریں وائرل ہوگئیں۔ پاکستان کی مقبول ڈیجیٹل کریٹیٹرز اور سوشل میڈیا اسٹارز ربیکا خان اور حسین ترین کی زندگی کے حسین سفر کا ایک اور خوبصورت سنگ میل طے ہوگیا، 25 اپریل 2025 کو ربیکا خان کے گھر پر دونوں کی شادی کی تاریخ طے ہونے کی پروقار اور خوشگوار تقریب منعقد ہوئی، جس میں قریبی عزیز و اقارب نے شرکت کی۔ ربیکا خان نے اس خاص موقع پر ایک دلکش پیچ پنک رنگ کا بھاری لباس زیب تن کیا، جس پر نفیس کڑھائی اور جھلملاتی آرائش نے ان کے حسن کو دوبالا کر دیا،

زویا ناصر کا شوبز میں نئے آنے والوں کو اہم مشورہ



لاہور (آئی این پی) معروف زویا ناصر نے شوبز انڈسٹری کے نئے آنے والوں کو اہم مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ صرف اداکاری پر انحصار نہ کریں۔ ایک انٹرویو میں زویا ناصر نے انڈسٹری میں قدم رکھنے کے خواہشمند نوجوانوں کو ایک نہایت قیمتی مشورہ دیا۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر اداکاری آپ کا جنون ہے تو ضرور آزمائیں، کامیابی یا ناکامی تو نصیب کی بات ہے لیکن اداکاری شروع کرنے سے پہلے اپنی آمدنی کا کوئی دوسرا ذریعہ ضرور قائم کریں، ورنہ آپ مکمل طور پر انڈسٹری پر انحصار کر بیٹھیں گے اور پھر مجبوری میں ہر قسم کے کردار نبھانے پر مجبور ہو جائیں گے۔

فلم ہیرا منڈی کی اداکارہ شرمین سیگل ماں بننے والی ہیں

ممبئی (این این آئی) بھارتی میڈیا پر دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ مشہور بھارتی نیٹ فلکس سیریز ہیرا منڈی کی اداکارہ شرمین سیگل کے ہاں پہلے بچے کی آمد متوقع ہے۔ شرمین نے سال 2023 میں بزنس مین امان مہتا کے ساتھ شادی کی تھی۔ یاد رہے کہ شرمین سیگل مشہور فلم ساز سنجے لیلا بھنسالی کی بھانجی ہیں جو 2024 میں او ٹی ٹی سیریز ہیرا منڈی میں اپنے کردار کے باعث مشہور ہوئی تھیں۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ شرمین سیگل جلد ہی ماں بننے والی ہیں۔ دوسری جانب بھارتی صحافی وکی لالوانی نے بھی دعویٰ کیا ہے کہ فلمساز دیپک سیگل اور بیلا بھنسالی سیگل کی بیٹی شرمین سیگل اور ان کے شوہر امان مہتا جلد والدین بننے والے ہیں۔

پاک فوج سے تعلق کا الزام، بھارتی اداکارہ کے چھکے چھوٹ گئے

ممبئی (آئی این پی) ساؤتھ انڈین فلم انڈسٹری کی نوجوان اداکارہ ایمان اسماعیل، جو ایمانوی کے نام سے پہچانی جاتی ہیں، نے حال ہی میں سوشل میڈیا پر ایک بیان جاری کرتے ہوئے پہلگام حملے کے بعد ان کی شناخت سے متعلق پھیلنے والی جھوٹی باتوں پر اپنی خاموشی توڑی ہے۔

ابراہیم علی خان کے ساتھ تعلقات پر پلک تیواری نے خاموشی توڑ دی

ممبئی (آئی این پی) بھارت کی مشہور اداکارہ شویتا تیواری کی بیٹی پلک تیواری نے بالی ووڈ اداکار سیف علی خان کے صاحبزادے ابراہیم علی خان سے تعلقات پر خاموشی توڑ دی۔ ایک حالیہ انٹرویو میں پلک نے اپنی ڈیٹنگ کی افواہوں پر نہایت سنجیدگی سے روشنی ڈالی اور کہا کہ وہ اپنی ذاتی زندگی کو سرخیوں کا موضوع بنانا نہیں چاہتیں۔



نادیہ حسین کے شوہر عاطف خان کی کرپشن کیس میں پیشرفت



کراچی (این این آئی) پاکستانی ماڈل و اداکارہ نادیہ حسین کے شوہر عاطف خان کی کرپشن سے متعلق ایف آئی اے کی تحقیقات جاری ہیں۔ ایف آئی اے نے حبیب سیکیورٹیز کے زاہد حبیب اور نعیم انور کو ایف آئی اے میں پیشی کے نوٹس جاری کیے تھے۔ عاطف خان سے لاکھوں وصول کرنے والے دونوں افراد نے پیش ہونے کیلیے مہلت مانگ لی۔ دوں وں افراد کو بیان ریکارڈ کرانے کیلیے بالترتیب 22 اور 24 اپریل کیلیے نوٹس جاری ہوئے تھے۔ زاہد حبیب نے ریکارڈ حصول اور نعیم انور نے طبیعت خرابی کے باعث مہلت طلب کی۔

حدود میں رہتے ہوئے پروجیکٹ کا حصہ بنتا ہوں' حمزہ علی عباسی



کراچی (آئی این پی) معروف اداکار حمزہ علی عباسی نے کہا ہے کہ وہ ہمیشہ دینی اور اخلاقی حدود میں رہتے ہوئے کسی پروجیکٹ کا حصہ بنتے ہیں۔ ایک پوڈ کاسٹ انٹرویو کے دوران بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ میں اب صرف ان پروجیکٹس کا حصہ بنتا ہوں جس میں لباس باوقار ہو، بے حیائی نہ ہو اور برائی کو فروغ نہ دیا جائے، البتہ میں یہ نظریہ دوسروں پر مسلط نہیں کرتا بلکہ اپنی ذاتی رہنمائی کے لیے اسے اختیار کیے ہوئے ہوں۔ حمزہ علی عباسی نے مزید کہا کہ میں اب ایسے کردار اور اسکرپٹ منتخب کرتا ہوں جو دینی اور اخلاقی حدود کے اندر رہتے ہوں۔

دیا مرزا کی زندگی کے کئی پہلو عوام کی نظر سے اوجھل رہے



ممبئی (این این آئی) اداکارہ دیا مرزا کی زندگی کے کئی پہلو عوام کی نظر سے اوجھل رہے ہیں جن میں ان کا خاندانی پس منظر اور ذاتی جدوجہد شامل ہیں۔ اداکارہ دیا مرزا نے ایک انٹرویو میں انکشاف کیا کہ ان کا اصل نام ''دیا ہینڈرچ'' تھا جو ان کے جرمن نژاد والد فرینک ہینڈرچ سے منسوب تھا۔ ان کی والدہ، دیپا، بنگالی نژاد انٹیریئر ڈیزائنر ہیں۔ دیا کے والدین کی علیحدگی کے بعد ان کی والدہ نے حیدرآبادی مسلمان احمد مرزا سے شادی کی جنہوں نے دیا کو اپنی بیٹی کی طرح پالا۔ دیا نے بتایا کہ نو سال کی عمر میں اپنے سگے والد کے انتقال کے بعد ان کے سوتیلے والد احمد مرزا نے ان کی زندگی میں والد کا کردار ادا کیا۔ اسی لیے جب انہوں نے مس انڈیا مقابلے میں حصہ لیا تو اپنے سوتیلے والد کے نام مرزا کو اپنایا۔ دیا مرزا نے 2001 میں فلم ''رہنا ہے تیرے دل میں'' سے بالی ووڈ میں قدم رکھا اور اس کے بعد متعدد فلموں میں اداکاری کی۔

نعیمہ بٹ بھی پاک بھارت میمز کا حصہ بن گئیں



کراچی (آئی این پی) اداکارہ نعیمہ بٹ نے پاک بھارت جنگ میمز کا حصہ بنتے ہوئے مداحوں سے اپنی گھنی زلفوں کو دلچسپ راز شیئر کر دیا۔ اداکارہ نعیمہ بٹ نے بھی دوسرے میمرز کی طرح فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام کا رخ کرتے ہوئے اپنے مداحوں کیلئے ایک مزاحیہ ویڈیو شیئر کی ہے جس میں وہ ایک دلچسپ جملے پر لپ سنگنگ کرتی نظر آ رہی ہیں۔ انسٹاگرام پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں نعیمہ بٹ کہتی ہیں کہ انڈیا نے پاکستان کا پانی بند کر دیا اور پورا پاکستان پریشان ہے لیکن میں پریشان نہیں ہوں کیونکہ میں تو نہاتا ہی نہیں ہوں۔ صرف یہی نہیں ویڈیو کو کیپشن دیتے ہوئے نعیمہ نے لکھا کہ یہ ہے میرے لمبے بالوں کا راز۔

بھارت پر میم' لہنگے میں کرکٹ کھیلتی حنا آفریدی کی ویڈیو وائرل



کراچی (آئی این پی) اداکارہ اور ماڈل حنا آفریدی کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہے جس میں انہیں روایتی لباس لہنگے میں کرکٹ کھیلتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر حنا آفریدی کی جانب سے شیئر کی گئی اس ویڈیو میں وہ پرجوش انداز میں بلے بازی کر رہی ہیں۔ تاہم ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ چھکا لگانے کی کوشش میں اداکارہ حنا آخر کار آٹ ہو جاتی ہیں۔

ایمن اور منال کے دلکش انداز نے محفل لوٹ لی

کراچی (نیٹ نیوز) ایمن خان اور منال خان کے دل لبھانے والے انداز نے بھائی معاذ خان کی مہندی پر محفل لوٹ لی۔ ایمن خان اور منال خان نے ایک بار پھر اپنے خوبصورت انداز اور دلنشین اسٹائل سے مداحوں کے دل جیت لیے، موقع تھا ان کے بھائی معاذ خان کی مہندی کا، جہاں رنگوں کی بہار اور خوشیوں کی بارات اتر آئی۔ کراچی میں منعقد ہونے والی اس یادگار تقریب میں معاذ خان اور صبا معاذ خان کی جوڑی سب کی توجہ کا مرکز بنی، دلہن نے مہندی گرین اور نارنجی رنگ کے دلکش لباس میں جلوے بکھیرے

NATIONAL/INTERNATIONAL

نیشنل/انٹرنیشنل





مارک کارنی کی لبرل پارٹی اور پیری پولیور کے کنزرویٹو کے ساتھ انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں۔

شبہ ہے پیوٹن جنگ روکنا نہیں چاہتے، امریکی صدر ٹرمپ

سینٹ پیٹرز (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے شبہ ظاہر کیا ہے کہ انہیں لگتا ہے کہ روس کے صدر پیوٹن جنگ روکنا نہیں چاہتے، پیوٹن کے پاس گزشتہ چند دنوں میں شہری علاقوں، شہروں اور قصبوں پر میزائل داغنے کی کوئی وجہ نہیں تھی۔ یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلنسکی نے پوپ فرانسس کی آخری رسومات سے قبل سینٹ پیٹرز بیسلیکا میں مختصر ملاقات کی تھی جو وائٹ ہاؤس میں ہونے والی جھڑپ کے بعد ان کی پہلی ملاقات تھی اور بعد ازاں امریکی صدر نے اس بات پر شکوک و شبہات کا اظہار کیا تھا کہ آیا روسی رہنما ولادیمیر پیوٹن امن معاہدہ چاہتے ہیں یا نہیں۔ رپورٹ کے مطابق ولودیمیر زیلنسکی نے کہا کہ انہوں نے روس کے ساتھ ممکنہ غیر مشروط جنگ بندی پر تبادلہ خیال کیا اور بہت علامتی ملاقات سے نتائج کی امید ہے۔



ویٹیکن سٹی: سینٹ پیٹرز اسکوائر میں پوپ فرانسس کے جنازے میں پال بیئرز تابوت لے کر جا رہے ہیں

ایرانی بندرگاہ پر مزید دھماکے، ہلاکتیں 25، زخمیوں کی تعداد 800 تک جا پہنچی

ہرمزگان کے دارالحکومت بندرعباس میں تمام اسکولوں اور دفاتر کو اتوار کو بند کرنے کا حکم

تہران (ویب ڈیسک) ایران کی سب سے بڑی تجارتی بندرگاہ پر ہونے والے دھماکے کے نتیجے میں ہلاکتیں 25 تک جا پہنچی ہیں 800 افراد زخمی ہونے کی تصدیق ہو چکی ہے، بندرگاہ سے مزید دھماکوں کی آوازیں بھی سنی گئیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یہ دھماکے ہفتے کے روز آبنائے ہرمز کے قریب جنوبی ایران کی شاہد راجی بندرگاہ پر ہوا، جہاں سے دنیا کی تیل کی پیداوار کا پانچواں حصہ گزرتا ہے۔ بندرگاہ کے کسٹم دفتر نے سرکاری ٹیلی ویژن پر نشر ہونے والے ایک بیان میں کہا کہ ممکنہ طور پر دھماکے خطرناک اور کیمیائی مواد ذخیرہ کرنے والے ڈپو میں لگنے والی آگ کی وجہ سے ہوئے، ایک علاقائی ایمرجنسی عہدیدار نے بتایا کہ کئی کنٹینر دھماکوں سے پھٹے ہیں۔ نیویارک ٹائمز نے ایران کے پاسداران انقلاب سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کے حوالے سے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ دھماکا سوڈیم پر کلوریٹ میں ہوا، جو میزائلوں کے لیے ٹھوس ایندھن کا ایک اہم جزو ہے۔ ایرانی میڈیا نے صوبائی عدلیہ کے سربراہ کے حوالے سے اتوار کے روز ہلاک ہونے والے 25 افراد کی تازہ ترین تعداد بتائی ہے، سرکاری ٹی وی کے مطابق تقریباً 800 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ اتوار کو لائیو فوٹیج میں دیکھا جا سکتا ہے کہ جائے وقوعہ پر اب بھی کالا دھواں دکھائی دے رہا ہے، دھماکے کے تقریباً 20 گھنٹے بعد سرکاری ٹی وی نے جائے وقوعہ سے اطلاع دی کہ آگ پر قابو پا لیا گیا ہے تاہم ابھی تک اس پر قابو نہیں پایا جا سکا ہے۔ رپورٹ کے مطابق دھماکا اتنا زوردار تھا کہ اسے تقریباً 50 کلومیٹر دور تک محسوس کیا گیا اور سنا گیا۔ جائے وقوعہ پر خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ اسکندر مومینی نے کہا کہ بندرگاہ کے اہم علاقوں میں صورتحال مستحکم ہوگئی ہے۔ انہوں نے سرکاری ٹی وی کو بتایا کہ کارکنوں نے کنٹینرز کی لوڈنگ اور کسٹم کلیئرنس دوبارہ شروع کر دی ہے۔ ایرانی میڈیا کی جانب سے جاری کی گئی تصاویر میں دیکھا جا سکتا ہے کہ تہران سے ایک ہزار کلومیٹر جنوب میں واقع شاہد راجی میں ہونے والے دھماکے کے بعد امدادی کارکن اور زندہ بچ جانے والے افراد ملبے سے بھرے ایک وسیع و عریض علاقے میں چل رہے ہیں۔ آگ کے شعلے ٹرک ٹریلر کو اپنی لپیٹ میں لے رہے ہیں، اور ایک کچلی ہوئی گاڑی کے سائیڈ پر خون سے رنگے ہوئے ہیں

کینیڈا، اسٹریٹ فیسٹیول کے دوران ڈرائیور نے ہجوم کو کچل دیا، متعدد افراد ہلاک

رینکوور (پی این ایم) کینیڈا کے شہر وینکوور میں ایک اسٹریٹ فیسٹیول کے دوران ایک ڈرائیور نے گاڑی سے ہجوم کو کچل دیا جس کے نتیجے میں متعدد افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق وینکوور پولیس نے بتایا کہ واقعے میں متعدد افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے ہیں۔ وینکوور کے میئر کین سم نے ایکس پوسٹ میں بتایا کہ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب فلپائنی کمیونٹی کے افراد لاپولا پوڈے منانے کے لیے جمع ہوئے تھے۔ یہ تہوار 16 ویں صدی کے فلپائنی نوآبادیاتی مخالف رہنما کی یاد میں منایا جاتا ہے، اس سال کینیڈا کے انتخابات سے پہلے اختتام منعقد کیا گیا۔ میئر کین سم نے لکھا کہ ہماری ہمدردیاں اس انتہائی مشکل وقت میں تمام متاثرہ افراد اور وینکوور کی فلپائنی کمیونٹی کے ساتھ ہیں۔ پولیس کے مطابق اتوار کی صبح 8 بجے شہر کے فریزر محلے میں پیش آیا۔ کینیڈین نشریاتی ادارے سی بی سی کی جانب سے شائع ہونے والی تصاویر میں جائے وقوعہ پر ہنگامی عملے کے ساتھ ساتھ بلاک پارٹی میں بڑی تعداد میں لوگوں کو دیکھا جا سکتا ہے۔ فیسٹیول کی سیکیورٹی گارڈ جین ادابا کاسٹانیٹو نے مقامی نیوز سائٹ وینکوور ازاوسم کو بتایا کہ انہوں نے ہر جگہ لاشیں دیکھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ نہیں جانتے کہ کس کی مدد کرنی ہے، یہاں یا وہاں۔ یہ بہت حیران کن ہے۔ برٹش کولمبیا کے وزیر اعظم ڈیوڈ ایبی نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ وہ اس خبر سے صدمے میں مبتلا اور دل برداشتہ ہیں۔ تقریب میں پریڈ، فلم کی اسکریننگ، رقص اور کنسرٹ پیش کیا گیا۔

غزہ میں جھلسنے والے مریضوں کو 'تکلیف دہ درد' سے راحت پہنچانے میں مشکلات کا سامنا

امدادی حکام نے اسرائیل کی ناکہ بندی کے دوران بڑے پیمانے پر قحط کی صورتحال کے بارے میں خطرے کی گھنٹی بجا دی

غزہ (پی این ایم) اسرائیلی افواج کی جانب سے غزہ پر تازہ حملوں میں کم از کم مزید 40 فلسطینی شہید ہو گئے ہیں جبکہ امدادی حکام نے اسرائیل کی ناکہ بندی کے دوران بڑے پیمانے پر قحط کی صورتحال کے بارے میں خطرے کی گھنٹی بجا دی ہے۔ قطری نشریاتی ادارے کے مطابق حماس نے بتایا کہ اس نے مصر کے دارالحکومت قاہرہ میں ثالثوں کے سامنے 'جنگ بندی، قیدیوں کے تبادلے اور تعمیر نو کے لیے ایک جامع معاہدے تک پہنچنے کے لیے اپنا وژن' پیش کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا یمن کے حوثی باغیوں کے خلاف اپنی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے اور صنعا میں متعدد علاقوں پر بمباری کر رہا ہے جن میں کم از کم 8 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ غزہ پر 18 ماہ قبل مسلط کی جانے والی اسرائیل کی جنگ سے اب تک کم از کم 51 ہزار 495 فلسطینی شہید اور ایک لاکھ 17 ہزار 524 کے زخمی ہونے کی تصدیق ہو چکی ہے، غزہ حکومت کے میڈیا آفس نے شہادتوں کی تعداد 61 ہزار 700 سے زائد بتائی ہے اور کہا ہے کہ ملبے تلے دبے ہزاروں افراد کے مردہ تصور کیا جا رہا ہے۔ 7 اکتوبر 2023 کو حماس کی زیر قیادت حملوں کے دوران اسرائیل میں کم از کم ایک ہزار 139 اسرائیلی ہلاک ہوئے تھے، اور 200 سے زیادہ کو یرغمال بنا لیا گیا تھا۔ اسرائیلی فوج اور اس کی پولیس نے الگ الگ بیانات جاری کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ غزہ کی پٹی میں جاری لڑائی کے دوران ایک فوجی اور ایک خفیہ پولیس افسر ہلاک ہوا ہے۔ فوج کے مطابق 21 سالہ فوجی غزہ کی پٹی کے شمالی حصے میں مارا گیا۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والا پولیس افسر بارڈر پولیس سدرن یا مس یونٹ کا خفیہ افسر تھا۔ ٹائمز آف اسرائیل نے بتایا کہ دونوں افراد جمعہ کی سہ پہر غزہ شہر کے شجاعیہ علاقے میں حماس کے خلاف لڑتے ہوئے مارے گئے تھے۔ فلسطینی گروپ حماس کے بیان میں کہا گیا کہ مجاہد محمد درویش کی سربراہی میں اس کا وفد قاہرہ سے روانہ ہو گیا ہے۔ وفد نے جنگ بندی، قیدیوں کے تبادلے، ریلیف اور تعمیر نو کے حصول کے لیے ایک جامع معاہدے تک پہنچنے کے لیے تحریک کا وژن پیش کیا، اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ ان کوششوں کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے مزید کوششیں کی جائیں گی اور رابطے جاری رکھے جائیں گے۔ اجلاس میں غزہ کی پٹی میں 2 ماہ کی مکمل ناکہ بندی کے بعد انسانی صورتحال پر بھی بات چیت کی گئی جس میں قبضے کی وجہ سے پٹی میں امداد، خوراک اور طبی سامان کے داخلے کو روک دیا گیا تھا۔ اجلاس میں امداد کی فراہمی اور پٹی کے شہریوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا، بیان میں جامع معاہدے کے لیے گروپ کے وژن کے بارے میں تفصیلات پیش نہیں کی گئیں۔ غزہ میں جھلسنے والے مریضوں کو 'تکلیف دہ درد' سے راحت پہنچانے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ڈاکٹرز ود آؤٹ بارڈرز (ایم ایس ایف) کے مطابق 18 مارچ کو اسرائیل کی جانب سے غزہ کے خلاف جنگ دوبارہ شروع کیے جانے کے بعد سے ان کی ٹیموں نے جھلسنے والے مریضوں کی تعداد میں اضافہ دیکھا ہے، جن میں زیادہ تر بچے ہیں۔ گروپ نے کہا کہ چوں کہ اسرائیلی حکام غزہ کا محاصرہ جاری رکھے ہوئے ہیں اور درد کش ادویات سمیت بنیادی امداد اور ادویہ تک رسائی کو روک رہے ہیں، بہت سے مریض تکلیف دہ درد برداشت کرنے پر مجبور ہیں، جنہیں کوئی ریلیف فراہم نہیں کیا جا سکتا۔ نصیر ہسپتال میں کام کرنے والے ایم ایس ایف کے میڈیکل ایکٹیویٹی منیجر ڈاکٹر احمد ابو وردہ کا کہنا ہے کہ 'بچے چیختے ہیں، کیوں کہ ان کی جلد سے جلے ہوئے کپڑے چپکے ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچے ہم سے آپریشن روکنے کی بھیک مانگتے ہیں لیکن اگر ہم مردہ ٹشوز کو نہ ہٹائیں، تو انفیکشن اور سپسس موت کا سبب بن سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کافی طبی سامان کے بغیر، اور بہت سارے مریضوں کو جلنے کے زخموں کی دیکھ بھال کی ضرورت ہے، ہم مناسب دیکھ بھال فراہم کرنے کے قابل نہیں، ہم صرف ناگزیر انفیکشن کو غیر مؤثر بنانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ سابق اسرائیلی وزیر اعظم نفتالی بینیٹ نے کہا کہ گزشتہ ڈیڑھ سال سے غزہ، مقبوضہ مغربی کنارے، وادی اردن، لبنان، شام اور سینا میں جاری لڑائی میں اسرائیلی فوج اپنی حدود سے تجاوز کر چکی ہے۔ انہوں نے ایکس پر ایک طویل پوسٹ میں کہا کہ ہمیں کبھی بھی اتنی زیادہ سرحدوں اور فوجیوں کا انتظام کرنے کی ضرورت نہیں پڑی، اس وقت اسرائیلی فوج کے پاس 20 ہزار فوجیوں کی کمی ہے۔ بینیٹ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ انتہائی قدامت پسند یہودی اسرائیلیوں کو بھرتی کرنے پر عائد پابندیوں کو مزید ختم کرے۔

اسرائیلی فوج کی غزہ میں اپنے مزید 2 افسروں کی ہلاکت کی تصدیق

مقبوضہ بیت المقدس (پی این ایم) اسرائیل نے غزہ میں اپنے مزید 2 فوجیوں کی ہلاکت کی تصدیق کر دی ہے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق غزہ کے محلے شجاعیہ میں مزاحمت کاروں کے حملے میں مزید 2 فوجی ہلاک ہو گئے۔ آئی ڈی ایف کے مطابق مزاحمت کاروں نے شجاعیہ میں گھات لگا کر حملہ کیا جس میں اسرائیلی فوج کے کیپٹن اور پلاٹون کمانڈر سمیت اسرائیلی بارڈر پولیس کی خفیہ یونٹ کا کمانڈو مارا گیا۔ آئی ڈی ایف کے مطابق مرنے والے دونوں فوجی غزہ کی سرحد کے ساتھ بفرزون کو بڑھانے کی کارروائی میں شریک تھے۔ اسرائیلی فوج کے مطابق حملے میں کچھ فوجی زخمی بھی ہوئے، زخمیوں کو علاقے سے نکالنے میں تقریباً دو گھنٹے لگے، اس دوران فلسطینی مزاحمت کاروں سے شدید لڑائی ہوئی۔



ایمسٹرڈیم، نیدرلینڈز: کنگز ڈے کے موقع پر لوگ ایمسٹرڈیم کی نہروں پر تشریف لے جا رہے ہیں



ڈبلن: آئرلینڈ میں انسدادِ نسل پرستی کے مظاہرے کے ساتھ مہاجر مخالف کارکن امیگریشن مخالف ریلی میں حصہ لے رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

بھارت بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزیوں سے باز رہے، جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا: چوہدری شافع حسین

پارٹی میں جسے جو عہدہ ملتا ہے تو اسے کام کر کے دکھانا ہوگا ہر ایک کی کارکردگی پر نظر رکھی جائے گی: وفاقی وزیر کی گفتگو



لاہور (خبر نگار) پاکستان مسلم لیگ پنجاب کے جنرل سیکرٹری وصوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین کی سالگرہ کی تقریب مسلم لیگ ہاؤس میں منعقد ہوئی جس میں پارٹی عہدیداران اور ورکرز نے شرکت کی۔صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اپنی سالگرہ کا کیک کاٹا۔ پاکستان مسلم لیگ پنجاب کے جنرل سیکرٹری وصوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی خالق جماعت مسلم لیگ کو ہر سطح پر منظم اور متحرک کیا جائے گا پارٹی کو مضبوط کرنے کیلئے سب کو اتحاد کی قوت سے آگے بڑھنا ہے ۔پارٹی میں جسے جو عہدہ ملتا ہے تو اسے کام کر کے دکھانا ہوگا ہر ایک کی کارکردگی پر نظر رکھی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ ہمارا تنقامی کارروائی پر یقین نہیں رکھتے اور نہ ہی آج تک کسی خلاف انتقامی کارروائی کی ہے اور نہ کریں گے ۔صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے کہا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران پنجاب میں نئی انڈسٹری اور سرمایہ کاری لانے کیلئے دن رات محنت کی جس کے نتیجے میں اربوں ڈالر کی نئی سرمایہ کاری آرہی ہے۔ پنجاب میں سولر پینلز، تھرمل بیٹریاں، الیکٹرک وہیکلز اور دیگر سیکٹرز میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوگی۔چین اور دیگر غیر ملکی سرمایہ کار کمپنیوں سے پنجاب میں مینوفیکچرنگ پلانٹس لگانے کے حوالے سے معاہدے ہوئے ہیں جبکہ چین کی وی ڈوموبائل فون کمپنی نے انڈسٹریل اسٹیٹ فیصل آباد میں پلانٹ کی تعمیر شروع کر دی ہے جو 2 سال میں پیداوار شروع کر دے گا۔انہوں نے کہا کہ اگلے ماہ چین کے دورہ کے دوران مزید چین کی سرمایہ کار کمپنیوں سے پنجاب میں سرمایہ کاری کے حوالے سے بات چیت ہوگی ۔چوہدری شافع حسین نے کہا کہ پاکستان کو مشکل صورتحال سے نکالنے کیلئے محنت اور اتحاد کی قوت سے آگے بڑھنا ہوگا ۔سیاستدان ،وزرا ،اراکین اسمبلی اور معاشرے کا ہر طبقہ محنت سے کام کرے تو آئی ایم ایف سے ایک سال میں نجات مل سکتی ہے ۔صوبائی وزیر نے کہا کہ انڈیا کسی غلط فہمی میں نہ رہے جارحیت کی تو منہ توڑ جواب دیا جائے گا دفاع وطن کیلئے پوری قوم پاک افواج کے ساتھ کھڑی ہے ۔بھارت بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزیوں سے باز رہے۔پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں نے چوہدری شافع حسین کو سالگرہ کی مبارکباد دی۔



لاہور: صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین کی سالگرہ پر ندیم پہلوان کیک کھلا رہے ہیں

رائیونڈ میں ہمیشہ مسلم لیگ ن نے ترقیات کام کئے: عوامی خدمت یوتھ گروپ

ج پھر ملک افضل کھوکھر کی قیادت میں بے شمار ترقیاتی فنڈ کا اعلان کرنے جا رہے ہیں



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) عوامی خدمت یوتھ گروپ ٹیم رائیونڈ نے پاکستان مسلم لیگ ن ملک افضل کھوکھر، چوہدری شہزاد نذیر سندھو ،ملک احسن افضل کھوکھر اور پاکستان مسلم لیگ ن کی اعلی قیادت کے حق میں نعرے لگاتے ہوئے جلسے میں شرکت کی عوامی خدمت یوتھ گروپ ٹیم نے کہا کے رائیونڈ میں ہمیشہ کی طرح پاکستان مسلم لیگ ن کی قیادت نے بے شمار ترقیاتی کام پہلے بھی کروائے ہیں اور آج پھر ملک افضل کھوکھر کی قیادت میں بے شمار ترقیاتی فنڈ کا اعلان کرنے جا رہے ہیں جس پر عوامی خدمت یوتھ گروپ کے چیئرمین ساجد لیاقت منا پرنس نے کہا ملک افضل کھوکھر نے ہمیشہ کی طرح اس بار بھی رائیونڈ کو ترقیاتی کاموں میں پیچھے نہیں چھوڑا اور انشاءاللہ بہت جلد رائیونڈ میں ملک افضل کھوکھر کی قیادت میں بہت سے منصوبہ جات شروع ہونے جا رہے ہیں جن کا آج ملک افضل کھوکھر اعلان کریں گے پہلے کی طرح اس بار بھی رائیونڈ میں اربوں روپے کا فنڈ لا کر رائیونڈ کے لوگوں کے دل جیت لیے ساجد لیاقت منا پرنس کا کہنا تھا کہ انشاءاللہ ملک افضل کھوکھر، چوہدری شہزاد نذیر سندھو اور ملک احسن افضل کھوکھر کی نگرانی میں ترقیاتی کام بہت جلد شروع ہوں گے اور مکمل بھی کیا جائیں گے عوامی خدمت یوتھ گروپ کی ٹیم نے پاکستان مسلم لیگ ن کی اعلی قیادت اور ملک افضل کھوکھر ،چوہدری شہزاد نذیر سندھو، ملک احسن افضل کھوکھر کا شکریہ ادا کیا اور کہا آج کے جلسہ کے بعد اتنے ترقیاتی کام ہوں گے کہ مخالفین چپ رہنے پر مجبور ہو جائیں گے۔

اوکاڑہ ٹریول اینڈ ٹورز ایسوسی ایشن کا اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ ٹریول اینڈ ٹورز ایسوسی ایشن کا اجلاس، الیکشن کے لیے 3 ممبران پر مشتمل کمیٹی تشکیل دے دی۔کمیٹی الیکشن شیڈول کا اعلان جلد کرے گی تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ ٹریول اینڈ ٹورز ایسوسی ایشن کا اجلاس مقامی ہوٹل میں منعقد ہوا۔اجلاس میں 50 کے تقریب ممبران ایسوسی ایشن نے شرکت کی۔اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ ہوا کہ آئندہ الیکشن 2025 اور 2026 کے لیے 3 سینئر ممبران پر مشتمل کمیٹی تشکیل دے دی گئی۔کمیٹی میں حاجی فاروق، حسنین شاہ اور حامد علی شامل ہیں جو الیکشن شیڈول کا اعلان جلد کریں گے۔جس کے مطابق الیکشن ہوگا۔

معرف عالم دین حضرت مولانا عبدالسبحان سبحانی 2 مئی کو حافظ آباد آئیں گے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) معرف عالم دین حضرت مولانا عبدالسبحان سبحانی 2 مئی کو حافظ آباد آئیں گے یہاں وہ جامع مسجد تقوی اہلحدیث باؤسنگ کالونی جناح چوک میں خطبہ جمعۃ المبارک ارشاد فرمائیں گے۔

پنجاب ایمرجنسی سروس سید کمال عابد نے سینٹرل ریسکیو اسٹیشن کچہری روڈ کا دورہ کیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پنجاب ایمرجنسی سروس سید کمال عابد نے سینٹرل ریسکیو اسٹیشن کچہری روڈ کا دورہ کیا مطابق ایڈمنسٹریٹر پنجاب ایمرجنسی سروس سید کمال عابد نے سیالکوٹ کے ریسکیو ہیڈکوارٹر سینٹرل ریسکیو اسٹیشن کا دورہ کیا۔ ریسکیورز کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی اور پریڈ کا عملی نمونہ بھی پیش کیا گیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر نوید اقبال نے ایڈمنسٹریٹر کو ریسکیو اسٹیشن کا دورہ کروایا اور ریسکیو کارکردگی کی بابت رپورٹ پیش کی۔ انہوں نے ریسکیورز کی ظاہری حالت اور یونیفارم کا بھی جائزہ لیا ایڈمنسٹریٹر سید کمال عابد نے اس موقع پر ریسکیورز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریسکیورز اپنی جسمانی فٹنس کا خیال رکھیں، سیکریٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر کے وژن کے تحت عوام الناس کی خدمت میں سرشار رہیں کسی بھی ایمرجنسی صورتحال میں بروقت امدادی کاروائیوں کا آغاز کر کے کہ قیمتی جانوں اور املاک کو بچایا جاسکتا ہے۔

مزدور کی اجرت ترجیحاً ادا کرنی چاہئے۔محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

محنت کشوں کی فلاح وبہبود کیلئے سرکاری طور پر اعلان کردہ اجرت یقینی بنائی جائے۔ثبوت سیالکوٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) جب مزدوری اجرت کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جائے گا تب مزدوروں کے مسائل حل ہوں گے: خالد وسیم



کاروباری اداروں کو مزدوروں کی اجرت کو اولین ترجیح دینی چاہیے تاکہ وہ معاشی طور پر مستحکم ہو سکیں انہوں نے مزدوروں کے مسائل پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کے حل کے لیے جامع اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ ہمارا وژن ایک ایسے معاشرے کا عکاس ہے جہاں ہر مزدور کو اس کی محنت کا پورا صلہ ملے اور وہ باعزت زندگی بسر کر سکے۔انہوں نے تمام متعلقہ اداروں اور حکومت سے اپیل کی کہ وہ مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح وبہبود کے لیے موثر پالیسیاں تشکیل دیں۔جب مزدور کی اجرت کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جائے گا تب مزدوروں کے مسائل حل ہوں گے۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب کا گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر ننکانہ کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے اساتذہ، عملے اور سٹوڈنٹس کی حاضری کو چیک کیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے اسسٹنٹ کمشنر عطیہ عنائیت اور ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ حماد یوسف کے ہمراہ گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سنٹر ننکانہ کا دورہ کیا۔ڈپٹی کمشنر نے اساتذہ، عملے اور سٹوڈنٹس کی حاضری کو چیک کیا۔انہوں نے مختلف کلاس رومز میں جا کر تعلیمی معیار کے جائزہ سمیت سٹوڈنٹس سے سہولیات بارے بھی دریافت کیا۔افسران نے خصوصی بچوں میں مفت یونیفارم اور کتابیں بھی تقسیم کیں۔بعد ازاں ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے گورنمنٹ فاطمہ جناح گرلز ہائی سکول کا دورہ کر کے تعلیمی امور سمیت انتظامی امور کا بھی جائزہ لیا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب سرکاری سکولوں میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر ضلع کے تمام سکولوں کی تزئین و آرائش سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔



پرائس کنٹرول میکنزم پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے: ڈپٹی کمشنر صفی اللہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ضلع بھر میں پرائس کنٹرول میکنزم پر سختی سے عملدرآمد کرانے کا حکم دیا ہے اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو سبزیوں، پھلوں اور چکن کی اوور چارجنگ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کی ہدایت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ صارفین کی طرف سے بعض اشیاء کی قیمت کی اوور چارجنگ کی شکایات موصول ہو رہی ہیں لہذا پرائس کنٹرول مجسٹریٹس مارکیٹوں و بازاروں اور علاقوں میں اشیائے صرف کی قیمتوں کو چیک کریں اور زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے۔انہوں نیکریانہ کی اشیاء کی قیمتوں کی بھی چیکنگ جاری رکھنے کی ہدایت کی ہے۔

بھارت کو منہ توڑ جواب دینے کے لیے ہر وقت تیار ہیں: مرکزی جمعیت اہل حدیث

کارکنان فوج کے شانہ بہ شانہ ہر وقت وطن کے دفاع کیلئے تیار ہے



دیپالپور (زاہد عمران خاں-تجزیہ) دیپالپور اوکاڑہ ہماری افواج بھارت کو منہ توڑ جواب دینے کے لیے ہر وقت تیار ہیں: مرکزی جمعیت اہل حدیث کے کارکنان فوج کے شانہ بہ شانہ ہر وقت وطن کے دفاع کیلئے تیار ہے۔قوم کو انڈین فلموں گانوں ڈراموں کا بائیکاٹ کرنا چاہیے ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب کے امیر مولانا عبدالرشید حجازی نے ضلع اوکاڑہ کی کابینہ کی تقریب حلف برداری کے خطاب کرتے ہوئے کیا میڈیا سیل کے انچارج حافظ محمد عبداللہ ظہیر کی طرف سے جاری تفصیلات کے مطابق کرتے ہوئے ضلع کی تقریب حلف برداری مسجد وضح البابلطین جی ٹی روڈ رینالہ خورد میں ہوئی۔

شرقپور شریف میں ہارویسٹر مشین اور گندم کو آگ لگنے کا واقعہ

ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور فوری کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پالیا



شرقپور شریف (نامہ نگار محمد خضر حیات راجپوت) شرقپور شریف میں ہارویسٹر مشین اور گندم کو آگ لگنے کا واقعہ، ریسکیو ٹیموں نے آگ پر قابو پالیا تفصیلات کے مطابق شرقپور شریف کے نواحی گاؤں ماموں گجر شرقپور روڈ پر افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں پر زمیندار جبار ولد مقبول جو سکنہ ماموں گجر حصل شرقپور کے رہائشی ہیں انکی گندم کی تیار فصل کو آگ لگ گئی ابتدائی اطلاعات کے مطابق، آگ لگنے کی وجہ ہارویسٹر مشین میں ہونے والی سپارکنگ بتائی جا رہی ہے واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور فوری کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پالیا۔ تاہم، حادثے میں ہارویسٹر مشین مکمل طور پر جل کر خاکستر ہوگئی، جبکہ گندم کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ریسکیو ذرائع کے مطابق بروقت کارروائی کی بدولت آگ کے پھیلاؤ کو روکا گیا اور مزید بڑے نقصان سے بچاؤ ممکن ہوا۔

حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے ٹریفک قوانین کی پابندی از حد ضروری ہے

ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کرنا باشعور اور ترقی یافتہ قوموں کی پہچان ہے: ڈی پی او

عارفوالا (نمائندہ قوت محمد نوید وڈگرسے) بڑھتے ہوئے حادثات کی روک تھام اور حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے ٹریفک قوانین کی پابندی از حد ضروری ہے ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کرنا باشعور اور ترقی یافتہ قوموں کی پہچان ہے ٹریفک قوانین کی پابندی کو یقینی بنانا ہم سب کی ذمہ داری ہے ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر پاکپتن عبدالمجید بھٹی نے STW محمد عامر راجہ انچارج ایجوکیشن ونگ پاکپتن T W ذوہیب شبیر اور J T W محمد وسیم افضل کے ہمراہ حادثات کی روک تھام اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کے متعلق شہریوں میں پمفلٹ تقسیم کیے اور حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے ہیلمٹ دیتے ہوئے ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کی اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کے وژن اور DPO پاکپتن جاوید اقبال چدھڑ کی ہدایت پر موٹر سائیکل چلانے والے افراد میں ہیلمٹ تقسیم کر ہا وقت کی اہم ضرورت ہے کیونکہ ہیلمٹ اور ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر موٹر سائیکل چلانے والے افراد زیادہ تر تیز رفتاری کے باعث حادثات کے دوران ہیڈانجری کی وجہ سے اپنی قیمتی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں اس لئے موٹر سائیکل کی ڈرائیونگ کرنے والے ہیلمٹ کے استعمال کو یقینی بنائیں نوجوان ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں ہم انہیں ضائع نہیں کرنا چاہتے جبکہ والدین اپنے کم عمر بچوں کو کسی قسم کی بھی ڈرائیونگ کرنے سے اجتناب کریں۔

ضلع وزیر آباد کو صاف ستھرا رکھنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں رکھا جائے گا

وزیر آباد (تحصیل رپورٹر) ضلع وزیر آباد کو صاف ستھرا رکھنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں رکھا جائے گا، وزیر آباد کی تعمیر وترقی کے لئے بلا تفریق ترقیاتی کاموں کا جال بچھایا جائے گا۔انشاء اللہ وزیر آباد شہر کو خوبصورت بنانے اور درپیش مسائل حل کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں گے عوامی شکایات کا ازالہ فوری طور پر حل کیا جائے گا۔ان خیالات کا اظہار نئے تعینات ہونیوالے اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد حمداد حسین نے انجمن پٹواریان کے عہدیداران شاہد عنصر گورایہ، حافظ شبیر احمد، رانا عرفان، سیاسی وسماجی رہنما طارق محمود گھمن سے ملاقات میں کیا۔



گرمی کی شدت بڑھتے ہی جہلم شہر سمیت ملحقہ علاقوں میں ناقص مشروبات فروخت کرنے والے انسانی زندگیوں کیساتھ کھلواڑ کرنے لگے

جہلم (بیورو رپورٹ) گرمی کی شدت بڑھتے ہی جہلم شہر سمیت ملحقہ علاقوں میں ناقص مشروبات فروخت کرنے والے انسانی زندگیوں کیساتھ کھلواڑ کرنے لگے، جہلم اندرون شہر سول لائن روڈ، اولڈ جی ٹی روڈ بلال ٹاؤن کالا گجراں جہلم پنڈ دادنخان روڈ جی ٹی روڈ جی پی او چوک جنرل بس اسٹینڈ سمیت دیگر سڑکوں پر ناقص ، پہلوانی املی آلو بخارے کا شربت، آفریدی شربت،،شربت،بادام کی سردائی سمیت ناقص مشروبات فروخت ہو رہے ہیں جس سے شہری معدے اور گلہ کی بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں،عوامی وسماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر سید محمد منیم عباس سے ناقص اور مضر صحت مشروبات فروخت کرنے والوں کے خلاف کاروائیاں کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بدنام زمانہ منشیات فروش سے بھاری مقدار میں شراب برآمد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش سے بھاری مقدار میں شراب برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ شیر گڑھ پولیس کو اطلاع ملی کہ بدنام زمانہ منشیات فروش حسینی چوک کے قریب بھاری مقدار میں شراب لیکر کھڑا ہے جس پر ایس ایچ او انسپکٹر غلام رسول نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر محلہ نور شاہ شیر گڑھ کے رہائشی ظہور احمد ولد منظور احمد سے 18 لیٹر شراب برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

قرآن وہ آسمانی کتاب ہے جو سینوں میں محفوظ ہے: حافظ عمر عمران

وزیر آباد (تحصیل رپورٹر) قرآن وہ آسمانی کتاب ہے جو سینوں میں محفوظ اور جن پر نازل ہوئی وہ رب کائنات کو محبوب ہو جاتے ہیں، قیامت تک اس میں زیر زبر کی بھی بیشی نہیں ہو سکتی، قرآن مجید فرقان حمید کو اپنے سینوں میں محفوظ رکھنے والے حفاظ کرام دنیا آخرت میں بلند مرتبہ پاتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار حافظ عمر عمران نے دارالعلوم تعلیم القرآن جامع مسجد اسکیل جی ٹی روڈ وزیر آباد میں ڈاکٹر شہباز احمد مہر کے صاحبزادے حافظ اسامہ کا تکمیل قرآن پاک کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر قاری محمد اکبر، عدنان مغل و دیگر بھی موجود تھے۔

مظلوم فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی ریلی کا انعقاد کیا گیا

عوام سے اسرائیلی پروڈکٹ کا بائیکاٹ اور حکومت سے جنگ رکوانے کیلئے کردار ادا کرنے کا مطالبہ



صفی آباد/لدیانی (نمائندہ قوت لیاقت خاں) مظلوم فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے تھنیکے سے اڈا وڈانہ تک ریلی کا انعقاد، عوام سے اسرائیلی پروڈکٹ کا بائیکاٹ اور حکومت سے جنگ رکوانے کیلئے کردار ادا کرنے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق فلسطینیوں سے اظہار یک جہتی اور اسرائیل کے مظالم کو رکوانے کیلئے تھنیکے سے لے کر اڈا وڈانہ تک ریلی کا اہتمام کیا گیا۔ریلی میں علاقہ کے لوگوں، نوجوانوں، سیاسی، سماجی شخصیات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ریلی کے شرکا نے ہاتھوں میں فلسطین کے جھنڈے اور بینرز اٹھا رکھے تھے۔ریلی سے خطاب کرتے ہوئے علامہ ندیم نوری نے کہا کہ ہماری آج کی ریلی اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ اظہار یک جہتی ہے ان کیلئے ہماری جانیں بھی قربان ہیں حکومت جہاد کا اعلان کرے ہم تن من دھن سے اپنے فلسطینی مسلمان بھائیوں کے ساتھ ہیں۔منظہر جنجھوعل ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہمیں تمام ایسی پروڈکٹ کا بائیکاٹ کرنا چاہیے جو اسرائیل کی ہیں یا ان کو فنڈنگ کرتی ہیں۔علامہ فیضان رسول کا کہنا تھا کہ مسجد اقصی وہ مسجد ہے جہاں آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انبیائی امامت فرمائی حکومت پاکستان کو چاہیے کہ اس سلسلے میں اپنا کردار ادا کرے۔ڈاکٹر طارق معصومی نے مطالبہ کیا کہ یو این او اور متعلقہ فورم کو چاہیے کہ اس پر بریت کا نوٹس لے اور جنگ بندی کروائے تاکہ فلسطینیوں کی نسل کشی رک سکے۔

عارفوالا میں ہونیوالی تبدیل آفیسر کی الوداعی تقریب

عارفوالا (نامہ نگار رانا سلیم سے) معروف سماجی، سماجی تاجر و کاروباری شخصیت اور سینئر صحافی پریس کلب عارفوالا (رجسٹرڈ) کے صدر چوہدری حاجی محمد ایجاز کے چھوٹے بھائی محمد نوید اسلم چوہدری اسسٹنٹ کمشنر 147 ای پی والے کی شادی خانہ آبادی کی تقریب مہندی اور دعوت ولیمہ میں معروف روحانی پیشوا امیر جماعت اہل سنت پاکستان صوبہ پنجاب پیر سید جمیل الرحمن شاہ بخاری، پیر سید انجاز حسین شاہ بخاری، ممبر قومی اسمبلی MNA رانا ارادت شریف خاں، MPA ڈاکٹر فرخ جاوید چوہدری، مالک شیخ ناظم خادم فریدمیاں محمد اسلم کھیر اسلام سٹی چیمہ مین میونسپل کمیٹی عارفوالا سید ہادی حسین زیدی، محمد امجد علوی، صدر بار ملک شکیل عالم اعوان ایڈووکیٹ و سینئر صحافیوں راؤ محمد کامران خاں، محمد اکرم ملک، رانا محمد آصف امین، ساجد محمود بیگ اللہ دتہ جوئیہ چوہدری محمد اویس چوہدری، عدیل احمد چوہدری محمد شہباز چوہدری، میاں عمران علی جوئیہ ریاض احمد شاہ، شہزاد خان، رانا عمر شوکت، نیاز احمد جٹ، حافظ علی اکبر، رانا سانول کن، شہزاد مہدی، وقار احمد جٹ، انسپکٹر عابد عاشق مہار، انسپکٹر اللہ دتہ شاہین لودھراں وکلا، صحافیوں، سیاسی، سماجی، مذہبی، کاروباری، امن تاجران، پنجاب پولیس، ریسکیو سوسائٹی سمیت علاقہ بھر کی معروف شخصیات اور ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے رسم مہندی اور دعوت ولیمہ کی تقریب سعید میں کثیر تعداد میں شرکت کی تمام تقریبات میں آنے والی شرکت کرنے والے مہمانوں کو انواع قسم کے کھانے پیش کئے گئے جبکہ رسم مہندی کی تقریب میں مخلل سماں کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں علاقہ بھر کے لوگوں نے بھرپور شرکت کر کے لطف اندوز ہوئے دعوت ولیمہ کی تقریب کے اختتام پر چوہدری حاجی محمد اعجاز نے تمام آنے والے مہمانوں کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا اور تمام آنے والے مہمانوں نے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے بہترین انتظامات اور مہمان نوازی پر چوہدری حاجی محمد اعجاز سمیت پوری انتظامیہ کو سراہا۔

حاجی محمد اعجاز کے چھوٹے بھائی محمد نوید اسلم چوہدری کی شادی کی تقریب

تقریب میں ممبر قومی اسمبلی MNA رانا ارادت شریف خاں، MPA ڈاکٹر فرخ جاوید چوہدری و دیگر کی شرکت



منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائی: 2 بدنام زمانہ ملزمان گرفتار

گرفتار ملزمان میں حسنین ولد مشتاق شامل ہے، جس کے قبضے سے 2200 گرام چرس برآمد ہوئی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عاطف نذیر کی ہدایات پر تھانہ سٹی حافظ آباد پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائی کرتے ہوئے دو بدنام زمانہ ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ کارروائی کے دوران مجموعی طور پر 2750 گرام چرس برآمد کی گئی۔ پولیس ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان میں حسنین ولد مشتاق شامل ہے، جس کے قبضے سے 2200 گرام چرس برآمد ہوئی۔اس کے خلاف تھانہ سٹی حافظ آباد میں منشیات ایکٹ کی دفعہ 9C کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔دوسرے ملزم عدنان حمید ولد عبد الحمید سے 550 گرام چرس برآمد ہوئی، جس کے خلاف دفعہ 9B کے تحت مقدمہ کا اندراج کیا گیا ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عاطف نذیر نے اس کامیاب کارروائی پر پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عملدرآمد جاری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ معاشرے کو منشیات جیسی لعنت سے پاک کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور ایسے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے گا۔

نوجوان نے مبینہ طور پر بیوی سے جھگڑے کے بعد خود کا فائر مار کر خودکشی کر لی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے نواحی گاؤں کوٹ بختاور میں نوجوان نے مبینہ طور پر اپنی بیوی سے جھگڑے کے بعد خود کا فائر مار کر خودکشی کر لی۔ پولیس ذرائع کے مطابق محمد خان ولد ارشاد اللہ کو اپنے بیوی سے جھگڑا ہوا تو اس نے خود کو فائر مار لیا جس پر اسے ٹراما سنٹر لیجایا گیا جہاں سے ڈاکٹروں نے اسے تشویشناک حالت کے پیش نظر لاہور ریفر کیا تو محمد خان لاہور جاتے ہوئے زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔

ایس پی ملک بابر علی نے بطور سپرنٹنڈنٹ سیالکوٹ جیل قابل قدر خدمات انجام دیں: ملک محمد ارشد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سابق جیل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ ایس پی ملک بابر علی کی بطور سپرنٹنڈنٹ جیل خدمات قرض شناسی و انسان دوستی پر مملا رہی ہیں اور احباب و عمائدین شہر اس سے واقف ہیں ۔ بطور جیل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ سیالکوٹ انہوں نے جیل میں ترقیاتی منصوبہ جات شفافیت سے بطریق احسن مکمل کیے اور ملک بابر علی اور ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ وعمائدین شہر اقبال سیالکوٹ کی کوارڈینیشن سے اسیران سیالکوٹ جیل کی فلاح و بہبود اور تربیتی پروگرامز منعقد ہوتے رہے ہیں جس سے قیدیوں کی اصلاح وفنی تربیت کیساتھ ان کے بہتر مستقبل کے اقدامات شامل ہیں۔ یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے اور ہمیں یقین ہے کہ حق وسچ کو کبھی دبایا جاسکتا ہے نہ ہی چھپایا جاسکتا ہے۔

موضع گھمن ماری میں بائیس ویلر ٹرالر پر آگ بھڑک اٹھی

شورکوٹ (گلزار احمد سے) موضع گھمن ماری میں بائیس ویلر ٹرالر پر آگ بھڑک اٹھی۔ آگ بجلی کی تاروں سے ٹرالر کے چھو جانے کے باعث لگی۔ ریسکیو 1122 نے فوری رسپانس کرتے ہوئے آگ پر قابو پایا۔ ریسکیو ٹیم نے گاٹھوں اور ٹرالر کو مکمل جلنے سے بچا لیا۔ گندم کی باقیات سے بھرا ٹرالر احمد پور شرقیہ جا رہا تھا۔ ٹرالر پر 204 گاٹھیں لدی تھیں، جن میں سے آدھی جل گئیں۔ بروقت کارروائی سے بڑا مالی نقصان ہونے سے بچا لیا گیا

زیر صدارت چیئرمین کھروٹہ سیداں پریس کلب ماہانہ اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں ایجنڈا کے مطابق تقریب خلف برداری کا اعلان کیا گیا



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) مرکزی دفتر پریس کلب کھروٹہ سیداں میں زیر صدارت چیف ایگزیکٹو شہزادہ سید خرم شاہ، چیئرمین پریس کلب رانا محمود احمد، سینیئر وائس چیئرمین رانا ندیم سرپرست اعلیٰ سید عارف حسین شاہ کے زیر نگرانی منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول سے شروع کیا گیا۔ اجلاس میں اتفاق رائے سے چیئرمین کلب عاملہ سید فدا حسین شاہ، چیئرمین شائقی فٹبال حافظ شفقت وائس چیئرمین اور شہزاد چوہان کو مقرر کیا گیا نئے منتخب ہونے والوں کو پریس کلب کے تمام عہدے داران اور ممبران کی جانب سے مبارکباد دی گئی اسکے علاوہ تمام ممبران کے اتفاق رائے سے 17 مئی تقریب خلف برداری کی تاریخ مقرر کی گئی۔ اجلاس میں عہدے داروں اور ممبران نے کثیر تعداد میں شرکت کی شرکت کرنے والوں میں جنرل سیکرٹری سید منصور حسین ※ جوائنٹ سیکرٹری محمد بلال، وائس چیئرمین سید وحید شاہ، وائس چیئرمین عامر حسین حافظ ساجد حسین حنان: سیکرٹری تقریبات ناصر جمیل، محمد عثمان، محمد رضوان ، محمد جاوید، فنانسیکرٹری مہر علی رضا، مہر شعیب، خواتین میں عائشہ نوید، روبی طارق اور دیگر عہدیداران نے شرکت کی اسکے علاوہ مقررین نے موجودہ ملکی صورتحال اور فلسطین کے رہائشی فلسطینی و کشمیری بھائیوں کے ساتھ۔ اظہار یک جہتی اور خصوصی دعا کی گئی۔

اسسٹنٹ کمشنر چنیوٹ اشفاق رسول نے فرضی مشقوں کا معائنہ کیا

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مفلوک الحال والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 واٹس ایپ

1 — تقریب

گزشتہ روز بلاک افغان سرحد پر کاروائی میں 54 کرنسٹ روز بلاک افغان سرحد پر کاروائی میں 54 دہشتگرد مارے گئے تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق گزشتہ 3 روز میں بلوچستان و خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں مارے گئے خارجیوں کی تعداد 71 ہوگئی ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز دہشت گردی کی ہر بڑی کاروائی کو ملک بھر میں کامیابی سے پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے پرعزم ہیں۔ سکیورٹی فورسز ملکی امن کو تباہ کرنے کی ہر کوشش کو ناکام بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔

2 — تقریب

نواز کی حکومت نے گزشتہ ایک سال کے دوران صحافیوں کے لیے جاری اقدامات اٹھائے ہیں، اور جناب وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں وفاقی حکومت صحافی برادری کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ اب بات انہوں نے وفاقی حکومت کی جانب سے ستارہ امتیاز حاصل کرنے والے صحافیوں اور کالم نگاروں کے اعزاز میں دیئے گئے پُروقار عشائیے کے موقع پر کہی۔ عشائیے میں سیکرٹری اطلاعات طاہر بشارت چیمہ، ڈی پی آر نظام صفیر شاہ، سید مظہر، سینئر صحافیوں کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ حکومت کی درست اور متنوع معلومات کی فراہمی ہی ایک صحافی کی اصل ذمہ داری ہے۔

3 — تقریب

بھارت کی جانب سے پاکستان کو جنگ کی دھمکیاں دی جارہی ہیں، پیغام کشیدگی کو کم کرنے کی بجائے بھارت نے پاکستان پر الزام دھرا، ریلوے سسٹم کو تباہ کرنے کا الزام لگایا، ریلوے ترجمان کے مطابق بھارت کی جانب سے کیا گیا دعویٰ بے بنیاد اور من گھڑت ہے، پاکستان ریلوے کسی بھی دہشتگرد کارروائی کا شکار نہیں ہوا، سموٹی کا پاکستان کے خلاف اقدامات میں مدد اور تعاون مانگنے کے لیے دورہ بھی کیا، سموٹی نے پاکستان سے رابطہ کیا، موسمی نے پاکستان پر دہشت گردوں کی حمایت کا الزام اور اشتعال دلانے کی بھی دھجی دی۔ امریکی اخبار صحافی بھارتی وزارت خارجہ میں سفارت کاروں کو بریفنگ میں بھارتی جنگ سے متعلق مؤقف سمجھانے میں ناکامی پر تنقید کا نشانہ بنا رہا ہے، بھارتی حکام نے دہشت گردی کا ثبوت مانگنے پر صحافی کو دھمکیاں دیں، صحافی نے بھارتی حکام کے رویے پر سوال اٹھایا تو انہوں نے کہا کہ ہم آپ کو ویزا نہیں دیں گے، بھارتی حکام کے رویے پر امریکی صحافی نے

ہسپتال لوکے اوپی ڈی کی بندش کسی صورت قبول نہیں ہے: خواجہ سلمان رفیق

مریضوں کے علاج و معالجہ میں کسی کو حائل نہیں ہونے دیں گے، تمام وائس چانسلر، پرنسپلز اور ایم ایس حضرات سے مل کر جامع لائحہ عمل تیار کر لیا گیا ہے

ریفارمز کے بعد بڑے سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کا دباؤ کم ہوگا کسی سرکاری ہسپتال کو پرائیویٹائز نہیں کرنے جا رہے، وزیر صحت پنجاب کی گفتگو



لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سیکنڈری ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران ہسپتالوں کے حالات کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ گریٹر ہیلتھ لائنس کا دھڑا بلا جواز ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق 2500 بنیادی مراکز صحت اور 300 دیہی مراکز صحت کے حالات بہتر کر رہے ہیں۔ ریفارمز کے بعد بڑے سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کا دباؤ کم ہوگا۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ کسی سرکاری ہسپتال کو پرائیویٹائز نہیں کرنے جا رہے۔ چیف ہسپتالوں کے اوپی ڈی کی بندش کی صورت قبول نہیں ہے۔ مریضوں کے علاج و معالجہ میں کسی کو حائل نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تمام وائس چانسلر، پرنسپلز اور ایم ایس حضرات سے مل کر جامع لائحہ عمل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سیکنڈری ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مال روڈ پر پر امن مظاہرہ نہیں کیا گیا: خواجہ سلمان رفیق

خواتین نے قینچیوں سے پولیس پر حملے کئے۔ وزیر صحت کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مال روڈ پر پر امن مظاہرہ نہیں کیا گیا خواتین نے قینچیوں سے پولیس پر حملے کئے تھانوں میں کیا گیا ایل ایل ایکٹ کی خلاف ورزی ویب درکرز کو فارغ نہیں کیا گیا پی ایچ پی ورکرز ویب کرنے ہیں بی ایچ یو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

رجائی بندرگاہ پر دھماکے میں اسرائیل ملوث ہے، ایرانی عہدیدار

واقعہ کی بھی طرح حادثاتی نہیں تھا، اس میں اسرائیلی مداخلت کے واضح ثبوت موجود ہیں، محمد سراج

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کے رکن محمد سراج نے جنوبی ایران کے علاقے بندرعباس میں رجائی بندرگاہ پر ہونے والے دھماکے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعہ کسی بھی طرح سے حادثاتی نہیں تھا، اس میں اسرائیلی مداخلت کے واضح ثبوت موجود ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک اسٹراٹوم میں محرم سراج نے دھماکوں کو ترجیب چاقلقف مقامات پر دھماکے ہوتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

ماسکہ: جیپ کھائی میں گرنے سے 4 خواتین جاں بحق

حادثہ ماسکہ میں کن کھجوری کے مقام پر پیش آیا، جاں بحق خواتین کا تعلق ایک ہی خاندان سے ہے، پولیس

ماسکہ (این این آئی) ماسکہ میں جیپ کھائی میں گرنے سے 4 خواتین جاں بحق ہوگئیں۔ پولیس کے مطابق حادثہ ماسکہ میں کن کھجوری کے مقام پر پیش آیا جہاں جیپ سنڈی سے جیپڑی جا رہی تھی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ جاں بحق ہونے والی خواتین ایک ہی خاندان سے تعلق رکھتی ہیں اور 6 افراد زخمی ہوئے، حادثے کی اطلاع ملتے ہی متاثرہ افراد کو امدادی کارروائیاں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

فیصل آباد، ایڈیشنل سیشن جج محمد راشد نے تھانہ ڈی ٹائپ کالونی کے منشیات کیس کا فیصلہ سنا دیا

کوآنہ (این این آئی) ایڈیشنل سیشن جج محمد راشد نے تھانہ ڈی ٹائپ کالونی کے منشیات کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے جرم کو 9 سال قید 80 ہزار روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا، عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں مزید چھ ماہ قید کی سزا سنائی۔ استغاثہ کے مطابق ڈی ٹائپ کالونی پولیس نے گزشتہ سال تجربی اطلاع پر کاسیاب چھاپہ مار کر منشیات فروش ملزم محمد عاصف نیٹی کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کی تھی جس کا چالان مکمل کر کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

فیصل آباد، چالاک افراد نے کاروبار میں منافع کا لالچ دیکر 4 شہریوں سے ڈیڑھ کروڑ روپے ہتھیا لئے

کوآنہ (این این آئی) چالاک افراد نے کاروبار میں منافع کا لالچ دیکر 4 شہریوں سے ڈیڑھ کروڑ روپے ہتھیا لئے۔ متاثرہ دیانہ رقم واپس کی۔ مقدمہ درج کرنے پر چیک پے جوکر ہونے کیس تفصیل کے مطابق غلام محمد آباد کاروبار کا جمعانہ۔ کوآنہ 60 لاکھ کی رقم وصول کر کے واپس نہ کی۔ سول لائن کے رہائشی محمد نواز نے بتایا کہ اس کے جانے والے غلام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

سید ذیشان اختر کو آئندہ مدت (28 اپریل 2025ء تا 31 اکتوبر) کے لیے امیر جماعت اسلامی حلقہ/صوبہ جنوبی پنجاب مقرر



لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے دستور جماعت کی دفعہ 40 اور 52 کے تحت جماعتی مصالح اور ارکان حلقہ/صوبہ کی آرا کے مطابق سید ذیشان اختر کو آئندہ مدت (28 اپریل 2025ء تا 31 اکتوبر) کے لیے امیر جماعت اسلامی حلقہ/صوبہ جنوبی پنجاب مقرر کر دیا ہے۔ امیر جماعت نے ہدایت کی ہے کہ دستور جماعت کی دفعہ 41 اور 55 کے تحت سید ذیشان اختر امارت حلقہ/صوبہ جنوبی پنجاب کے منصب کا حلف اٹھا کر آئندہ مدت کے لیے ذمہ داریاں سنبھال لیں۔

سید ذیشان اختر امیر جماعت اسلامی جنوبی پنجاب

یواین ڈی ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن کے عہدیداران کی وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر سے ملاقات

لاہور (خبر نگار) یو اے ڈی ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن نے صدر یو اے ڈی ٹی ایس اے ڈاکٹر عمران مجید بھٹی اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد شہباز کی قیادت میں وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر سے ملاقات کی۔ یو اے ڈی ٹی ایس اے نے یونیورسٹی اساتذہ اور ملازمین کی تنخواہوں میں 25 فیصد اضافے پر وائس چانسلر کا شکریہ ادا کیا اور یونیورسٹی کو مالی بحران سے نکالنے پر انکی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ علاقائی و ملکی سطح پر یونیورسٹی کی مالی حالات بہتر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)



پاکستان سمیت دنیا بھر میں رقص کا عالمی دن (آج) 29 اپریل کو منایا جائے گا

کوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں رقص کا عالمی دن (آج) 29 اپریل کو منایا جائے گا۔ فیصل آباد سمیت دنیا بھر میں ہر سال اپریل کو یونان عالمی ڈانس کونسل کے تحت منایا جاتا ہے۔ دنیا کے تقریباً ہر تہذیب میں موجود ہے۔ شعراء اقتصاد کے لئے رقص کیا جاتے ہیں ان میں کلاسیکی اور لوک رقص کی ایک خاص مقام ہے۔ بیلے، بلوچ، سندھی، کتھک اور بھنگڑوں کی بھی کوئی جاری نہیں ہے۔ رقص کو اعصابی شاعری بھی کہا جاتا ہے۔ قوام شعبہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

فیصل آباد، گندم کی کٹائی کے دوران ہارویسٹر مشین کی زد میں آکر نوجوان لقمہ اجل بن گیا

کوآنہ (این این آئی) فیصل آباد میں گندم کی کٹائی کے دوران ہارویسٹر مشین کی زد میں آکر نوجوان لقمہ اجل بن گیا، پولیس نے شروع تحویل میں لیکر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی۔ تفصیل کے مطابق ہارویسٹر مشین کے ڈرائیور کی غفلت سے نوجوان کی موت واقع ہوئی۔ پولیس نے ڈرائیور کو حراست میں لے لیا۔ ہارویسٹر مشین کے مالک کی شناخت کی جا رہی ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)



ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن کے وفد کا وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر کے ساتھ ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

حلقے کی عوام کیلئے میگا پراجیکٹس کا آغاز کیا جا رہا ہے: ملک فیصل کھوکھر

نوجوان نسل کو کھیلوں کے ذریعے آگے بڑھنے میں مدد دی جا سکے، پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ مزدور کی کم از کم اجرت کو 37 ہزار روپے طے کیا گیا ہے

32 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونیوالے اسپورٹس کمپلیکس کا افتتاح جلد کیا جائے گا، صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر کا جلسہ عام سے خطاب



لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر نے رائے ونڈ میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا خاص کرم ہے کہ اس نے مسلم لیگ ن کو وہ قیادت بخشی جو حقیقی معنوں میں عوامی خدمت کا جذبہ رکھتی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اربوں روپے کے قرضے منصوبوں کے لیے، ایشو کا ہاتھ بٹایا، ایک ایسی تاریخ رقم کر دی، یہ سنگی ماضی میں کبھی نہیں ملتی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ 29 اپریل کو وزیراعلیٰ پنجاب 12 لاکھ نوجوانوں کے لیے رمضان کارڈز کا اجراء ہونے جا رہا ہے اور اسے 32 مختلف مقامات پر تقسیم کیا جائے گا، صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر کا جلسہ عام سے خطاب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

لاہور: صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر، رائیونڈ میں قرآنی تعلیمات کے فروغ کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق نے ورلڈ ڈے فار سیفٹی اینڈ ہیلتھ ایٹ ورک پلیس کے موقع پر ریسکیو ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر محکمہ صحت و ایم ایس سرمد پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے ورلڈ ڈے فار سیفٹی اینڈ ہیلتھ ایٹ ورک پلیس کے موقع پر ریسکیو ہیڈ کوارٹر دورہ کیا۔ سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر ضوان نصیر نے بریفنگ دی۔ اس موقع پر دیگر افسران بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ورلڈ ڈے منایا جاتا ہے۔ پنجاب میں ہر ریسکیو سٹیشن پر ایمرجنسی سروسز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

لاہور: سرکاری ہسپتالوں میں طبی عملے کی ہڑتال کا 9 واں روز

ڈاکٹرز نے اپنے کمروں کو تالے لگا دیے، پیرامیڈیکس اسٹاف نے آؤٹ ڈور اور پرچی کاؤنٹر کو بند کر دیا

لاہور (این این آئی) لاہور کے سرکاری ہسپتالوں میں طبی عملے کی ہڑتال بدستور کوئیں روز بھی جاری رہی جس کے باعث مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ڈاکٹرز نے اپنے کمروں کو تالے لگا دیے ہیں جبکہ نرسز اور پیرامیڈیکس اسٹاف نے آؤٹ ڈور اور پرچی کاؤنٹر کو بند کر دیا ہے۔ ہڑتال کی وجہ سے لاہور کے سرکاری ہسپتال، جناح ہسپتال اور دیگر سرکاری ہسپتالوں کی او پی ڈی میں کام مکمل طور پر بند ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ، پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی، گنگا رام ہسپتال، چلڈرن ہسپتال سمیت دیگر سرکاری ہسپتالوں میں بھی او پی ڈی بند ہے، جس کی وجہ سے مریضوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ مریضوں اور ان کے اہل خانہ کا کہنا ہے کہ ہسپتالوں میں طبی عملے کی ہڑتال کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35) ان کی زندگی کو خطرہ لاحق ہو گیا ہے۔ ہڑتال

لاہور: پولیس اہلکار گریٹر ہیلتھ لائنس کے مظاہرین کو وزیر اعلیٰ ہاؤس کی طرف جانے سے روکنے کی کوشش کر رہے ہیں

مودی حکومت نے مقبوضہ کشمیر میں لوگوں کی زندگی اجیرن بنا دی، جاوید قصوری

پاکستانی قوم ہمارے کام پر جارحیت کے خلاف پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، امیر جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں لوگوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، وہ ہزار سے زائد افراد کو گرفتار کر چکا ہے جبکہ خواتین اور بچوں کو ہراساں کرنے کا سلسلہ بھی جاری ہے، بھارتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

بھارت پاکستان پر حملے کے لیے اپنا کیس بنا رہا ہے، امریکی اخبار

بھارت غیر ملکی سفیروں کو کوئی ایسا ثبوت نہیں دے رہا جو موجودہ حملے کو پاکستان سے جوڑ سکے، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے دعویٰ کیا ہے کہ ایسا لگتا ہے کہ بھارت پاکستان پر حملے کے لیے اپنا کیس بنا رہا ہے۔ امریکی اخبار کے مطابق پہلگام واقعے کے بعد بھارت نے 100 غیر ملکی مشنز کے سفارتکاروں کو وزارت خارجہ بلا کر بریفنگ دی۔ اخبار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)



لاہور: خواتین پولیس اہلکار گریٹر ہیلتھ لائنس کی ریلی کے اعلان پر مال روڈ پر ڈیوٹی کیلئے جا رہی ہیں

لاہور: مس کنڈکٹ پر 2 ڈاکٹرز معطل، ایک برخاست، غیر حاضر ڈاکٹرز کی تنخواہ بند کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) پنجاب کے محکمہ ایجوکیشن ہائر ایجوکیشن نے مس کنڈکٹ پر 2 ڈاکٹرز پر ایکٹ کے تحت معطل اور ایک ڈاکٹر کو نوکری سے برخاست کر دیا اور سرکاری ہسپتالوں سے غیر حاضر 4 ڈاکٹرز کی تنخواہیں فوری بند کرنے کا حکم دیتے ہوئے 2 ڈاکٹرز، نرسز اور عملے کی چھٹیوں پر پابندی عائد کر دی، تفصیلات کے مطابق سرمد ہسپتال لاہور کے ڈاکٹر سلمان حبیب اور چلڈرن ہسپتال لاہور کے پی ایچ او آر ڈاکٹر احمد پاکر معطل کر دیا جبکہ جنرل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کو یقینی بنانا گزیر ہے، مقررین

کوآنہ (این این آئی) زرعی کی کو کو دوا یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر حاکان اوسکان نے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کا دورہ کیا اور بائنٹ بریڈنگ اینڈ جینیٹس ڈیپارٹمنٹ کے وزیٹ گروپ کے سائنسدانوں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر محمد کاشف، ڈاکٹر رضوانہ عقیل، ڈاکٹر عامر شکیل، ڈاکٹر اجمل رحمان، ڈاکٹر فرحانہ وسیم بھی موجود تھے۔ ملاقات میں گندم کی فی اقتصاد اور اس فصل کو درپیش مسائل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

اسرائیلی اتحاد کے بعد یورپ نے جنوبی مضافاتی علاقوں سے بڑے پیمانے پر لوگوں کا انخلا

بیروت (این این آئی) لبنان میں بیروت کے جنوبی مضافاتی علاقوں میں بڑے پیمانے پر لوگوں کو دیکھے میں آ رہی ہے جس کی وجہ سے وادی الحجیر کے ملاقے اہم پر لوگوں کے بڑے پیمانے پر انخلاء ہفتہ کے دوران بھاری ٹریفک پھنسی رہی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج نے بیروت کے جنوبی مضافاتی علاقوں پر فضائی حملے کیے۔ ایک اسرائیلی ڈرون نے بتایا کہ انکشاف بیٹھے والی عمارت میں حزب اللہ کے لیے اہم تھیلے موجود تھے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

مودی سرکار کی بوکھلاہٹ، شعیب اختر کا یوٹیوب چینل بھارت میں بند کر دیا

شعیب اختر کے چینل کو دنیا بھر میں 35 لاکھ سے زائد صارفین فالو کرتے ہیں، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت نے آزادی اظہار کا گلا گھونٹنے کی اپنی روایت برقرار رکھتے ہوئے ساتھ پاکستانی اسپیڈ اسٹار شعیب اختر کا یوٹیوب چینل ملک بھر میں بلاک کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سرکاری ذرائع کا کہنا ہے کہ وزارت داخلہ کی سفارش پر مجموعی طور پر 16 پاکستانی یوٹیوب چینلز پر پابندی عائد کی گئی ہے۔ بھارتی حکام نے الزام عائد کیا کہ یہ چینل پہلگام واقعے کے بعد غلط معلومات اور جھوٹے پروپیگنڈا کو فروغ دے رہے تھے۔ ان چینلز کے مجموعی طور پر سبسکرائبرز کی تعداد 1 کروڑ 30 لاکھ ہے۔ شعیب اختر کے چینل کو دنیا بھر میں 35 لاکھ سے زائد صارفین فالو کرتے ہیں جہاں وہ کرکٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)



کراچی: ایک خاتون مقامی ہوٹل میں ایکسپو ویژن سمٹ 2025 کی طرف سے لگائے گئے اسٹال میں جوتے دیکھ رہی ہے

لیسکو نے بلوں کی مد میں واجبات کی وصولی کے لئے ہر ماہ فیصلہ کر لیا

اربوں کے متنازعہ بلوں کی وصولی کیلئے صارفین کو اقساط کی سہولت دیدی گئی

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے بلوں کی مد میں واجبات کی وصولی کے لئے ہر ماہ فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق واجبات کی وصولی کا فیصلہ لیسکو نے اربوں کے متنازعہ بلوں کی وصولی کیلئے کوآپریٹو کر دیئے ہیں، ہر ڈویژنل فارنے سالانہ بنیاد پر اربوں روپے کے واجبات کو چار حصوں میں تقسیم کر دی ہے۔